کیٹو ڈائٹ

KETO DIET

اکیسویں صدی کی سب سے بڑی دریافت

ڈاکٹر خالد جمیل
یورولاجسٹ لاہور

کیٹوڈائیٹ KETO DIET

(اکیسویں صدی کی سب سے بڑی دریافت)

بیماریوں کی ماں ''انسولین رزسٹنس''

کا بغیر دوائی کے خاتمہ

ڈاکٹر خالد جمیل

یورالوجسٹ لاہور

فہرست

Part 1 حصہ اول

حصہ دوئم Part 2

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو نہایت مہربان اور رحم والا ہے

پیش لفظ

السلام علیکم !

آپ کے بے حد اصرار پر میں یہ کوشش کر رہا ہوں۔ مجھے کتاب لکھ کر کسی سے کوئی میڈل نہیں چاہیے۔ لہٰذا، میں کتاب نہایت مختصر لکھوں گا۔ مجھے یقین ہے کہ اگر تفصیل سے لکھی، تو کوئی نہیں پڑھے گا۔ ہمارے ہاں کتاب پڑھنے کا رواج تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ لوگ سنی سنائی کہانیاں بہت شوق سے سنتے ہیں۔

اگر کسی کو شک ہو تو وہ دیکھ سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن مجید ہر گھر میں موجود ہے، لیکن کتنے لوگ اسے سمجھ کر اور عمل کی نیت سے پڑھتے ہیں؟

میں کبھی بھی اچھا لکھاری نہیں رہا اور ہمارے نظامِ تعلیم کا المیہ یہ ہے کہ ہماری تعلیم مادری زبان میں نہیں ہوتی۔ ہمیں گھر میں مادری زبان، اسکول میں اردو اور انگریزی، اور مسجد میں عربی پڑھنی پڑتی ہے۔ میں کسی بھی زبان میں مہارت حاصل نہیں کر سکا۔ تعلیم کا مقصد صرف سبق رٹ کر امتحان پاس کرنا رہا۔ ہمارے یہاں تعلیم نہیں بلکہ ڈگری دی جاتی ہے۔

سب سے بڑا حادثہ میرے ساتھ یہ ہوا کہ جو سائنس میں نے چالیس سال تک پڑھی اور پڑھائی ایک دن معلوم ہوا کہ وہ غلط تھی۔ وہ ساری کتابیں فارما انڈسٹری (دوائی بنانے والی کمپنیاں) نے تیار کی تھیں اور میرے قابل قدر اساتذہ کے تعاون سے ہمارے نصاب میں شامل کی گئیں۔

ہماری خوش قسمتی یہ رہی کہ ہمارے دور میں میڈیا انڈسٹری میں ایک بہت بڑا انقلاب آیا۔ فیس بک، یوٹیوب وغیرہ میرے لیے ایک نعمت سے کم نہیں تھے۔ میں نے ان کا بھرپور فائدہ اٹھایا اور 63 سال کی عمر میں نئی تحقیق پڑھنا شروع کی۔ 40 سالہ تجربے اور اللہ تعالیٰ کے خاص کرم کی بدولت مجھے محض دو سال میں

بہت کچھ سمجھ آگیا۔ اب میں جس چیز کو ''اس صدی کی سب سے بڑی دریافت کہتا ہوں''، وہ آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔

میں نے اپنی تحقیق پر عمل کیا اور اپنے یوٹیوب چینل پر تفصیل سے بیان کر دیا۔

"Healthy Keto with Dr. Khalid Jamil"

https://www.youtube.com/@DrKhalidJamil

اب میں بہت مختصر انداز میں اپنی نئی تحقیق لکھوں گا۔ میں دل سے پروفیسر جیسن فنگ (Prof Jason Fung) (ماہر امراضِ گردہ) کا شکر گزار ہوں، جن سے میں نے بنیادی چیزیں سیکھیں۔

اب میں سات سالہ تجربے کی بنیاد پر بہت سی نئی چیزیں آپ کو بتاؤں گا۔ آپ نے سختی سے میرے بتائے ہوئے ٹیسٹ کروانے ہیں اور پھر ڈائٹ شروع کرنی ہے۔

ماڈرن طب کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ یہ بیماریوں کی علامات کا علاج کرتی ہے، ان کو جڑ سے ختم نہیں کرتی۔ لیکن جو نئی تحقیق ہے، یہ صرف طرزِ زندگی اور خوراک کے ذریعے 90 فیصد بیماریوں کو جڑ سے ختم کر سکتی ہے، حتیٰ کہ کینسر بھی۔ اس کی مقبولیت کو دیکھتے ہوئے فارما انڈسٹری، فوڈ انڈسٹری، اور بد قسمتی سے ہمارے ڈاکٹر صاحبان بھی اس کی مخالفت میں کھڑے ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ کم از کم ڈاکٹر صاحبان کو ہدایت دے تاکہ ہمارا مسئلہ حل ہو جائے۔

سب سے بڑی رکاوٹ اس میں ہمارے ڈاکٹروں کی ایسوسی ایشنز (Association) ہیں اور یہ تمام دوائیوں اور ڈاکٹروں کو کنٹرول کرتی ہیں۔

میرے لیے فخر اور خوشی کی بات یہ ہے کہ ماڈرن سائنسی تحقیق نے ہمارے پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو نئی تحقیق کے نام پر پیش کر کے دنیا کو حیران کر دیا۔ میں کیوں کہ دین کا طالب علم رہا ہوں، لہٰذا میرے لیے ان کو سمجھنے میں بہت آسانی ہوئی۔ میری التجا ہے کہ آپ سب سیرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالعہ ضرور کریں، پھر آپ کو یہ کتاب آسانی سے سمجھ آجائے گی۔

اس کتاب میں میری مدد کرنے پر ڈاکٹر شوکت ایگریکلچر یونیورسٹی فیصل آباد، انجینئر قیصر مجید صاحب موہنی روڈ لاہور اور آخر میں حافظ قادر حسین کا بہت شکر گزار ہوں۔ اور پھر حسن سعید کا جنھوں نے دن رات محنت کر کے میرے چینل اور کتاب لکھنے میں بہت مدد کی۔

اب آخر میں ریحان خالد اور عمران خالد میں اپنے دونوں بیٹوں کے لیے دعا گو ہوں انہوں نے اپنی

جوانی کا قیمتی وقت ڈانٹ کھانے کے باوجود میرے چینل بنانے اور چلانے میں فی سبیل اللہ کام کیا۔ میری بیٹی مسسز اکمل جس نے بچوں کی پیدایش کے بعد اس کتاب پر عمل کر کے 26 کلو وزن کم کیا۔ میرے نزدیک سب سے زیادہ میری شریک حیات ڈاکٹر فرحت خالد جنہوں نے ہر مرحلے میں میرا بہت ساتھ دیا اور بڑھاپے کی اس تلخی کے باوجود میرے لیے دعا کرتی رہیں۔

آپ سب سے عرض ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ میری اس چھوٹی سی کاوش کو میرے والدین، میرے اور میری فیملی کے لیے صدقہ جاریہ بنائے۔ آمین

دعا گو

ڈاکٹر خالد جمیل

MBBS, MS (Urology)

Assistance professor (RTD) Urology

Sheikh Zyed Medical complex Lahore

حصہ اول

Part 1

اکیسویں صدی کی سب سے بڑی دریافت

اب میں آپکو اس صدی کی سب سے بڑی دریافت "جو کہ طرزِ زندگی کی تبدیلی ہے" اس کے بارے میں بتاؤں گا۔ یہ کوئی نئی دوائی نہیں ہے بلکہ جیسے ہمارے آباءواجداد زندگی گزار رہے تھے، اب ماہرین کہہ رہے ہیں کہ آپ بھی ویسی ہی زندگی گزاریں اگر صحت مند رہنا ہے۔ جیسے کے

1. قدرتی کھاد سے تیار سبزیاں اور پھل کھائیں
2. صرف دو کھانے کھائیں
3. محنت کش زندگی گزاریں، خود کام کریں
4. عشاء کی نماز کے بعد سو جائیں اور تہجد کے وقت اٹھ جائیں
5. لوگوں کے دکھ درد میں بھرپور شرکت کریں
6. سب سے ضروری فاسٹنگ یعنی روزہ رکھنا

ہم ہزاروں سال سے اس پر عمل کر رہے ہیں. اللہ تعالیٰ کی تمام کتابوں (تورات، زبور، انجیل اور قران مجید) میں روزہ کا ذکر ہے۔ اسی لئے میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بھرپور موقع دیا ہے کہ ہم دنیا کو اس بارے میں بتائیں۔ اس کے لئے ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت سے بڑھ کر کوئی کتاب نہیں جو اتنی تفصیل سے صحت مند زندگی کے بارے میں بتائے۔

نئی تحقیق سے جو باتیں غلط ثابت ہو گئیں

1. شوگر اور بلڈ پریشر کے لئے ساری عمر دوائی لینی ہو گی۔ یہ ختم نہیں ہو سکتی۔(غلط)
2. کولیسٹرول ہمارے لئے خطرناک ہے۔دل کی بیماریوں کی بڑی وجہ ہے۔(غلط)
3. کھانے کا تیل (فیکٹری میں بننے والا) دل کے لئے اچھا ہے۔(غلط)
4. گوشت، دیسی گھی، مکھن، بیل کی چربی دل کے لئے نقصان دہ ہے۔(غلط)
5. گوشت، کلیجی، دل، گردے، پائے سے یورک ایسڈ بڑھتا ہے۔(غلط)
6. فیٹی لیور(Fatty Liver)یعنی(جگر کی چربی)چکنائی اور گوشت کھانے سے ہوتی ہے۔(غلط)
7. یہ کاربوہائیڈریٹ، فرکٹوز اور چینی سے ہوتی ہے۔(صحیح)
8. براؤن بریڈ یا ہول ویٹ روٹی صحت کے لئے اچھی ہے۔(غلط)
9. گائے کا دودھ ہڈیوں کی مضبوطی کے لئے ضروری ہے۔(غلط)
10. سبزیوں کا اچار مردوں کے لئے نقصان دہ ہے۔(غلط)
11. ریفائن فوڈ صحت کے لئے بہترین ہے۔(غلط)
12. قبض کے لیے فائبر ضروری ہے۔(غلط)
13. جوس صحت مند غذا ہے بچوں کے لئے۔(غلط)
14. گلوکوز ہمارے جسم کے لئے بہترین ایندھن ہے۔(غلط)
15. ریفائن فوڈ صحت کے لیے بہترین ہے۔(غلط)

16. شوگر کے مریض روزہ نہیں رکھ سکتے۔(غلط) حالانکہ شوگر کا بہترین علاج روزہ ہے۔
17. صحت مند چکنائی ضروری ہے۔(مکھن، چربی، زیتون کا تیل، ناریل کا تیل)(صحیح)
18. یورک ایسڈ، چینی، جوس، فروٹ، اناج، سے بڑھتا ہے۔(صحیح)
19. شوگر کا بہترین علاج روزہ ہے۔(صحیح)
20. جوس بچوں میں بیماریوں کی سب سے بڑی وجہ ہے۔(صحیح)
21. چکنائی (Ketone) یعنی کیٹون بہترین ایندھن ہے۔(صحیح)
22. اچار پیٹ کے لئے بہترین غذا ہے۔(پروبیوٹک Probiotic ہے)(صحیح)
23. قدرتی مکمل غذا اصل حالت میں صحت مند ہے۔(صحیح)

لہٰذا اس تحقیق کو سامنے رکھ کر میں تمام ڈائٹ چارٹ بناؤں گا۔ ان کو آپ یاد کر لیں۔ پھر ڈائٹ مکمل تبدیل کریں اور صحت مند رہیں۔

نوٹ:

ان سب کی مکمل تفصیل کے لیے میرے یوٹیوب چینل پر جا کر لیکچر سنیں۔

صحت مند طرز زندگی کیا ہے؟

میں آسان لفظوں میں بیان کروں گا سب سے پہلے

1. لو کارب ڈائٹ(Low Carb Diet)
2. کیٹوڈائیٹ(Keto Diet75%،20%،5%)
3. کانیور ڈائٹ Carnivore Diet

دوسرا

صرف دو کھانے کھائیں۔ سارا دن چرتے نہیں رہنا۔آپ پانی اور قہوہ پی سکتے ہیں(صرف دن کی روشنی میں کھائیں)۔

تیسرا

ورزش ضرور کریں خاص کر ویٹ ٹریننگ اور صرف اروبک ورزش جیسے پیدل چلنا، سائکل چلانا، تیرنا، جوگنگ کرنا۔(ورزش کے باب میں Aerobic ورزش کی تفصیل آئے گی۔ لیکچر نمبر 7، 8، 125،126،182)

چوتھا

رات کو نو بجے ہر حال میں سو جائیں۔ 7 سے 9 گھنٹے نیند ضرور لیں۔

آخر میں سانس لینے کا صحیح طریقہ اور سانس کی مشق ضرور کریں۔ Breathing Exercise Lecture No 45, 149

آگے میں ان سب کو تفصیل سے بیان کروں گا۔

میری ایک گزارش ضرور یاد رکھیں کہ اس کتاب کو سمجھنے کے لئے میرے یوٹیوب چنیل کے لیکچر اس اس کتاب کے ساتھ ضرور سنیں۔ انشااللہ آپ کو ہر چیز سمجھ آجائے گی۔

مزید تفصیل کے لیے یہ لیکچر ضرور سنیں۔.39,351,400۔

اجزاءغذا

(Nutrients in Food) Video No. 1, 4, 7

تمام جان داروں کوزندہ رہنے کے لیے انرجی یاخوراک چاہیے ہوتی ہے۔

اس انرجی یاایندھن سے ہمارا جسم کے تمام اعضاء کام کرتے ہیں۔مثال کے طور پر جس طرح گاڑی کو چلنے کے لیے ڈیزل یاپٹرول چاہیے اسی طرح ہمارے جسم کو بھی ایندھن چاہیے۔ ہمارا جسم دو طرح کے ایندھن استعمال کرتاہے۔

1. کاربوہائیڈریٹ یانشاستہ، جو گلوکوز میں تبدیل ہوجاتاہے اور ہمارا جسم گلوکوز ایندھن کے لیے استعمال کرتاہے اور ہمیں یہی پڑھایاگیاہے کہ ہمارا جسم صرف گلوکوز ہی استعمال کر سکتاہے۔ یہ اب غلط ثابت ہوگیاہے۔
2. ہمارا جسم Fat یعنی چکنائی کو بھی ایندھن کے طور پر استعمال کرتاہے اور یہ بہترین ایندھن ثابت ہوگیاہے۔

چکنائی (Fat) کیٹون (Ketone) میں تبدیل ہوتاہے اور ہمارا جسم اس کو استعمال کرکے زیادہ طاقت کے لیے استعمال کرتاہے۔

ہماری غذاکے تین بڑے اجزاہیں

1. نشاستہ یاکاربوہائیڈریٹ Carbohydrate

Lecture No. 3. 6. 8

2. چکنائی یا Fat

Lecture No. 51, 233, 428, 437, 447, 477

3. لحمیات یا پروٹین Protein

Lecture No. 331, 460, 469

باقی اجزا میں

4. معدنیات یا نمکیات Minerals

Lecture No. 46, 282, 286, 291, 387

5. وٹامن Vitamin

Lecture No. 204, 205, 254, 265, 266, 297, 322,

6. بہت سے نامعلوم کیمیکل Phyto Chemical

7. اور صاف پانی Clean Water

نشاستہ: Carbohydrate (Plant Food)

یہ صرف پودوں اور درختوں سے حاصل ہوتا ہے۔ جانوروں سے حاصل ہونے والی غذا میں یہ نہیں ہوتا۔ سادہ لفظوں میں ہر وہ غذا جو ہمارے جسم میں جا کر گلوکوز میں تبدیل ہو جائے اسے ہم کاربوہائیڈریٹ کہتے ہیں۔

جیسے تمام اناج، گندم، چاول، باجرہ، ملٹس (Millets)، مکئی، آلو، شکر، گڑھ (گنے سے حاصل ہوتی ہے)

سبزیاں، دالیں، لوبیا، چنے، مونگ پھلی، اخروٹ، بادام، پستہ وغیرہ۔

نئی تحقیق نے یہ ثابت کیا ہے کہ نشاستہ یا کاربوہائیڈریٹ کا زیادہ استعمال خاص کر اناج، گندم، چاول، شکر (چینی) بیماریوں کی جڑ ہیں۔

چکنائی Fat

یہ بھی پودوں یا بیجوں (Seeds) سے حاصل ہوتی ہے۔ جیسے کھانے کے تیل، سرسوں، ناریل، زیتون اور سب سے بہترین چکنائی جانوروں سے حاصل ہونی والی چربی بہترین مانی گئی ہے۔ جیسے دنبہ کی چربی، بیل کی چربی(Beef Tallow)،اونٹ کی چربی، مکھن، گھی، بکرے اور گائے کی چربی۔

(گوشت یا چربی ہمیشہ نر ہی (Male) جانور کی استعمال کریں) اور یہ چکنائی (Fat) ہمارے لیے بہترین ایندھن بھی ہے۔

ہمارا دماغ، سیل وال اور بہت سے ہارمون Fat سے بنے ہیں۔

لحمیات Protein

جو پودوں اور درختوں سے حاصل ہوتی ہے۔ یہ مکمل پروٹین نہیں ہے۔ جیسے دالیں، لوبیا، چنے، سویابینم سبزیاں، اخروٹ وغیرہ۔

بہترین پروٹین جانوروں سے گوشت (دنبے، بیل، بکرا، اونٹ) مچھلی، مرغی اور انڈوں سے حاصل ہوتی ہے۔

سب سے ضروری غذا پروٹین ہے جس سے ہمارے جسم کے تقریبا تمام اجزا بنتے ہیں۔

جیسے، پٹھے (Muscle)، ہڈیاں (Bone)، بال، جلد، ناخن ہارمون اور سب سے ضروری Enzyme ہیں۔

Enzyme کے بغیر ہم غذا سے ضروری وٹامن منرل اور پروٹین حاصل نہیں کر سکتے۔

پہاڑوں، کھیتوں میں چرنے والے جڑی بوٹیاں اور گھاس کھانے والے جانوروں کا گوشت، گھی، مکھن بہترین غذا ہے۔

Grass finish Free Grazing Animal

ہم نے کھانوں کو زہریلا کیسے بنایا
(Lecture No 50)

70 یا 80 سال پہلے ہم قدرتی غذا کھاتے تھے، پیدل چلتے، کام کرتے، عورتیں گھر کی صفائی اور تمام کام کرتی تھیں۔ بچے سارا دن میدانوں میں کھیلتے تھے، ہر ضلع میں ایک ہسپتال ہوتا تھا اور وہ اکثر خالی رہتا تھا۔ پھر ہم نے دو غلطیاں سائنس میں ترقی کے نام پر کر لیں۔

1. ہم نے کھیتوں میں **GMO** بیج استعمال کرنے شروع کیے زیادہ نفع کے لئے۔

a) بہت زیادہ دوائیوں کا سپرے شروع کیا۔

b) سورج کی حرارت کے بغیر کوئی جاندار زندہ نہیں رہ سکتا۔

c) فضائی الودگی کی وجہ سے سورج کی حرارت کم ہو گئی۔

d) کھاد میں پورے اجزا شامل نہیں کیے۔

e) جلدی کی خواہش نے کچے پھل توڑ کر کیمیکل سے پکائے جانے لگے۔

f) کولڈ اسٹوریج میں مہینوں تک پھل اور سبزیاں محفوظ کی گئیں۔

g) کھانے فیکٹریوں میں بنانے شروع کر دیے گئے۔

دوسرا صنعتی غلطیاں

a) بڑی بڑی فلور ملیں، آئل فیکٹریاں، اور کھانے کے کارخانے بڑی تعداد میں قائم ہوئے۔

b) مشینوں کے ذریعے خوراک کے اصل اجزاء نکال کر مصنوعی وٹامن اور آئرن شامل کیے

گئے، جو صحت کے لیے نقصان دہ ہیں۔

c) مصنوعی زنک، وٹامنز، اور منرلز کا بے تحاشا استعمال کیا گیا کیونکہ یہ سستے تھے۔

d) مشینوں میں خوراک کو انتہائی زیادہ درجہ حرارت پر پروسیس کیا گیا، جس سے اصلی وٹامنز تباہ ہو گئے۔

e) خوراک کو بہت زیادہ باریک (ریفائن) کیا گیا، جیسے میدہ اور کھانے کا تیل، جس سے شوگر بہت جلد بڑھنے لگی۔

f) کھانے کو زیادہ دیر تک محفوظ رکھنے کے لیے کیمیکلز شامل کیے گئے، یہاں تک کہ وہ 1 سے 2 سال تک خراب نہ ہوں۔

لہٰذا اسی لیے کہا جاتا ہے **"No Processed Food"** یعنی کسی بھی فیکٹری میں بنا ہوا کھانا نہ کھائیں۔

اپنے بچوں کو بچائیں

(Save Your Children) Lecture No 54, 98, 399

اس ماڈرن زمانے میں سب سے زیادہ نقصان معصوم بچوں کو ہوا۔ سب سے زیادہ فارمولا دودھ جو فیکٹریوں میں A1 گائے کے دودھ اور 70 سے 80 کیمکل ڈال کر بنایا گیا ہے، اس کا نتیجہ جب آیا تو بچوں میں ہر 99 میں سے 1 بچہ Autism کا شکار ہوا(ADHD)اور 2024 میں ہر 11 میں سے ایک بچہ امریکہ میں اس بیماری میں مبتلا ہوتا ہے۔ پھر جوس، بوتل، برگر، پیزا، بیکری اور مٹھایاں، ٹافی اور پھر دوائیاں ان سب نے بچوں کی صحت اور خوشیاں چھین لیں۔

میں نے 4 سال پہلے اس پر آواز بھی اٹھائی تھی۔ لیکچر نمبر 54 اور 55 سنیں۔ بچے کی صحت کا آغاز ماں کی صحت سے ہوتا ہے۔

صحت مند ماں، صحت مند بچے، صحت مند قوم

Lecture No 55, 171, 172

لہٰذا لڑکیوں کی صحت سب سے ضروری ہے۔ کیوں کہ انہوں نے مستقبل کی ماں بننا ہے۔ جب حمل ٹھہرے اس وقت سے ہی بچوں کی صحت کے لئے صحت مند خوراک ماں کو دیں۔

(Lecture 261,262)

بچے کی صحت (جب ماں حاملہ ہوتی ہے، اس وقت سے شروع ہوتی ہے) تمام حاملہ عورتوں کو صحت مند غذا کا استعمال شروع کروائیں۔

بچوں کو 4 مہینے کے بعد ماں کے دودھ کے ساتھ غذا شروع کروائیں۔ دو سال تک ماں کا دودھ ہر حال میں پلائیں۔

ماں کا فرض ہے کہ بچوں کو صحت مند کھانا، کھانا سکھائیں

جیسے انڈے، گوشت، کباب، فروٹ، اخروٹ، پستہ، سبزیاں، دیسی گھی اور مکھن جیسی غذا کی بچے کو عادت ڈالنا پڑے گی۔ تمام بازاری کھانوں سے بچائیں۔ یہ بچے کے لئے زہر ہیں۔
جوس، بوتلیں، برگر، پیزا، آلو کی چپس، بازاری دہی، (میٹھا بہت زیادہ ہوتی ہے) چاکلیٹ اور دودھ بلکل نہ دیں تا کہ بچوں کی خراب ناہو اور آپ پریشانی سے بچے رہیں اور صحت مند قوم بنے۔

آج کی ماؤں کی سب سے بڑی غلطی

پچھلے 30 سالوں میں لڑکیوں میں ماہواری، چہرے پر بال، اور وزن بڑھنے کا مسلہ پیدا ہوا۔ اس کی سب سے بڑی وجہ

1. پلاسٹک کا بے تحاشہ استعمال،
2. فاسٹ فوڈ، جوس، برگر، پیزا کھانا،
3. سارا دن موبائل یا کمپیوٹر کا استعمال،
4. پیدل نہ چلنا اور ورزش نہ کرنا،
5. پڑھائی کا مکمل نہ ہونا کی وجہ سے شادی دیر سے کرنے کا رواج پیدا ہونا،
6. ذہنی دباؤ اور شوگر ٹائپ 2 کا اضافہ،

خلاصہ یہ ہے

لڑکیوں میں 6 مہینے سے ہی صحت مند خوراک دینی شروع کر دیں۔ خاص کر 7 سال کے بعد 60 فیصد چکنائی اور 20 فیصد پروٹین ضرور دیں۔ اسی سے اس کے تمام صحت مند ہارمون اور خلیے بنیں گے۔ موبائل، کمپیوٹر، ٹی وی سے ان کو دور رکھیں اور 8 بجے کے بعد ہر حال میں سو جائیں۔ (Lecture No. 421)

انسولین کیا ہے

(Insulin) Lecture No. 2, 10, 74

انسولین ایک ہارمون ہے جو ہمارے لبلبے کے بیٹا سیل سے بنتا ہے۔ ہارمون خون کے ذریعے دور کسی حصے پر اثر کرتے ہیں۔ لبلبہ کے صرف 1 فیصد سیل جنھیں بیٹا سیل کہتے ہیں انسولین بناتے ہیں۔ جب خون میں شوگر بڑھے گی تو یہ خون جب لبلبہ میں جائے گا تو اس کے مطابق انسولین پیدا ہو گی۔

انسولین فوری طور پر خون سے شوگر(Glucose)،

1. پٹھوں (Muscle) کے سیل کے اندر داخل کرے گی،
2. چکنائی(Fat Cell) کے اندر داخل کرے گی،
3. جگر(Liver) کے سیل کے اندر داخل کرے گی،

باقی تمام جسم انسولین کے بغیر خون سے گلوکوز لے لیتا ہے۔ جب تک خون میں شوگر 70 یا 80 تک نہ آجائے انسولین آتی رہے گی۔ 80 فیصد خون سے شوگر پٹھوں یعنی مسل کے اندر جاتی ہے۔ لہٰذا خون کی شوگر کو کنڑول کرنے کے لئے پٹھے جتنے صحت مند ہونگے اتنی اچھی شوگر کنڑول میں رہے گی۔ اسی لئے شوگر کے لئے بہترین ورزش ویٹ ٹریننگ ہے۔

پٹھوں کے بعد جگر دوسرا عضو ہے جو زیادہ شوگر کو

1. کولیسٹرال Cholesterol
2. ٹرائگلسرائڈ Triglyceride
3. گلائکوجن Glycogen (صرف 100 گرام) میں تبدیل کرے گا۔

انسولین ریزسٹنس کیا ہے؟

Insulin Resistance Lecture No. 250, 440, 441

پچھلے باب میں آپ نے پڑھا کہ انسولین کیسے آتی ہے اور کیسے کام کرتی ہے۔ انسولین کی سب سے ضروری ڈیوٹی یہ ہے کہ خون میں ہر حالت میں شوگر 70 یا 80 سے زیادہ نہیں ہونے دینی۔ اس میں سب سے ضروری حصہ جگر کا ہے۔ جگر کے بغیر ہم زندہ نہیں رہ سکتے اور نہ صحت مند رہ سکتے ہیں۔ تمام بیماریوں میں جگر کا رول بہت اہم ہے۔ انسولین ریزسٹنس کے بارے میں سب سے بہترین تھیوری پروفیسر جے سن فنگ (Prof. Jason Fung) کی ہے۔ ان کے مطابق جب ہم بار بار کاربوہائیڈریٹ یا شوگر کھاتے ہیں تو ہر بار انسولین آتی ہے اور گلوکوز کو سیل کے اندر داخل کر دیتی ہے۔ زیادہ گلوکوز جگر اور باقی سیل بھی ٹرائگلسرائڈ میں تبدیل کر کے

نمبر ا

پہلے فیٹی لیور کریں گے۔ پھر پیٹ میں چربی جمع ہونا شروع ہو گی۔ سب سے پہلے انسولین ریزسٹنس کی علامات آپ کا پیٹ باہر نکل آئے گا۔ جتنا پیٹ باہر ہو گا اتنی ہی انسولین ریزسٹنس ہو گی۔

نمبر ۲

دوسرا سیل کے اندر جب جگہ نہیں بچے گی تو گلوکوز کو اندر داخل ہونے میں مشکل ہو گی۔ لہٰذا انسولین بڑھے گی تاکہ ہر حالت میں گلوکوز سیل کے اندر داخل کریں۔ اور جب ایک اسٹیج پر گلوکوز اندر داخل نا ہو سکے اس وقت اس میں انسولین ریزسٹنس شروع ہو جائے گی۔ (یعنی رکاوٹ شروع ہو گی۔)

دوسری سب سے ضروری 10 سے 20 سال تک زیادہ انسولین بنا بنا کر لبلبہ کمزور ہو جائے گا۔ جوں ہی انسولین کم ہو گی شوگر خون میں بڑھنا شروع ہو جائے گی۔ اس کو 5 سے 20 سال لگتے ہیں۔

اس کو ٹائپ 2 شوگر کہتے ہیں۔

اب جب آپ خون میں

1. انسولین ٹیسٹ کروائیں گے وہ زیادہ ہو گی۔
2. شوگر بھی خون میں بڑھ جائے گی۔
3. خون میں ٹرائگلسرائڈ بھی بڑھا ہو گا۔
4. اس سارے عرصے میں انسولین زیادہ شوگر کو چکنائی میں تبدیل کر دیتی ہے۔ لہٰذا آپ کا پیٹ باہر نکل آئے گا اور آپ کا وزن بھی بڑھ جائے گا۔ اب آپ مکمل طور پر ٹائپ 2 شوگر کے مریض بن چکے ہیں۔

پھر بلڈ پریشر بھی بڑھ جائے گا اور تمام بیماریاں آہستہ آہستہ شروع ہو جائیں گی۔ اگر آپ غور کریں تو اس وقت جب خون میں آپ کی انسولین بڑھی ہوئی ہوتی ہے آپ کو

1. ایسی دوائی جو انسولین بڑھائے جیسے Sulphonylurea، (Dia Micron, Amyral) دینا خطرناک ہو گا۔
2. اگر ڈاکٹر صاحب انسولین دینگے تو یہ اور بھی خطرناک ہو گی۔

عقل کہتی ہے کہ

1. آپ پہلے کارب یعنی شوگر، گلوکوز کھانا چھوڑ دیں۔تاکہ انسولین کم ہو جائے۔
2. جسم سے چربی خاص کر پیٹ کی کم کریں۔اس کے لئے دو کام (فاسٹنگ (روزہ)اور ورزش یعنی ویٹ ٹریننگ کریں)۔کچھ عرصے میں سب نارمل ہو جائے گا۔

Homa-IR Test کیا ہے؟

Lecture No. 4, 441

اب تک یہ ٹیسٹ I.R یعنی انسولین رزسٹنس کے لیے سب سے اچھی ٹیسٹ ہے مگر یہ بہت مہنگا ہے۔

اس میں 10 سے 12 گھنٹے خالی پیٹ رہنے کے بعد اور تمام شوگر کی اور باقی دوائیاں 24 گھنٹے پہلے بند کرنی ہوں گی۔

12HourFasting

Blood suger mg/dl شوگر خون میں

Insulin Level (Microunit) mu/ml انسولین خون میں

پھر اس فارمولے کے ذریعے ہم نتیجہ نکالیں گے۔

$$\text{Homa-IR} = \frac{\text{Glucose inmg X insulin mu/ml (Microunit/ml}}{405}$$

For m.mol/L system

$$\frac{\text{Glucose in m.mul/L X insulin mu/ml (Microunit/ml)}}{22.5}$$

ہمارے یہاں کچھ لیبارٹری p.mol/L میں انسولین کا نتیجہ دیتے ہیں۔ اس کو اگر آپ 6 پر تقسیم کر دیں تو یہ miu/mL ہو جائے گا۔

انسولین رزسٹنس کی تشخیص کیسے کریں؟

Diagnosis of insulin Resistance or Metabolic Disorder

اصل میں انسولین رزسٹنس Insulin Resistance ہمارے جسم کا مدافعتی نظام ہے جو ہمیں ہماری غلطیوں کی وجہ سے زیادہ کاربوہائیڈریٹ (گلوکوز، فریکٹوز) کھانے سے ہوتا ہے۔

یہ بات غلط ثابت ہوگئی ہے کہ گلوکوز ہمارے جسم کی ضرورت ہے۔ صرف

1. 10سے15% دماغ گلوکوز استعمال کرتا۔
2. RBC، آنکھوں کا شیشہ اور گردے کا باہر والا حصہ (Renal Cortex) صرف گلوکوز استعمال کرتا ہے۔

یہ صرف 20 سے 25 گرام روزانہ بنتی ہے۔ اور ہمارا جسم پروٹین اور چکنائی سے اس سے زیادہ گلوکوز بناتا ہے۔ (150 گرام تک روزانہ بنا سکتا ہے)

باقی سارا جسم Ketone خوشی سے استعمال کرتا ہے۔

مثال کے طور پر نارمل انسولین 6miu/ml ہے۔ ہمارے یہاں 25miu/ml جو لیبارٹری لیتی ہیں وہ غلط ہے۔ نارمل شوگر خالی پیٹ 80mg/dl۔

مثال نمبر 1

Fasting blood sugar = 80 mg/dl

Fasting insulin 5 miu/ml

فارمولے کے مطابق

$$\frac{80x5}{405}$$=0.9normalidealislessthen1

یہ صحت مند آدمی کا نتیجہ ہے۔

مثال نمبر 2

Fasting sugar $\frac{85 \text{ mg/dl} \times 20 \text{ miu/ml}}{405}$ =4.1 High I.R

یہ خطرناک ہے۔

آپ یہ سمجھ لیں آپ اگر خالی پیٹ شوگر کروائیں گے تو یہ 85mg زبردست ہے۔ ڈاکٹر اور آپ خوشی خوشی گھر چلے جائیں گے۔ اصل ریسرچ یہی ہے۔ انسولین 20miu/ml کا مطلب یہی ہے کہ انسولین زیادہ بڑھ کر شوگر کنٹرول کر رہی ہے۔

مثال نمبر 3

اب یہی m.mol/L شوگر کے ساتھ

mg/dl کو m.mol/L کرنے کے لئے ہم mg کو 18 پر تقسیم کر دیں گے۔ جیسے 85/18= 4.7mmol/L، mmol/L کو mg/dl کرنے کے لئے 18 سے ضرب دیں mg/dl، اب HOMA.IR فارمولے میں رکھ کر دیکھیں۔

$$\frac{\text{Sugare 4.7 x Insulin 20 miu/ml}}{22.5} = 4.1$$

آخری مثال

$$\frac{\text{Fasting blood sugar } 95 \times \text{fasting insulin } 42\text{miu/ml}}{405} = 9.8 \text{ Highly I.R}$$

اب تک ہمارا لبلبہ خون میں زیادہ انسولین بنا کر شوگر کنٹرول کر رہا ہے۔ اب اگلی مثال سمجھیں کہ ٹائپ 2 شوگر کب ہوگی؟ اس میں پھر اگر آپ نے صرف شوگر ٹیسٹ کروالی تو آپ غلط ہوں گے۔

اس مثال سے آپ ٹائپ ٹو T2D شوگر کب ہوگی۔

$$\frac{\text{F. Sugar } 135\text{mg/dl} \times \text{F. Insulin } 7\text{miu/ml}}{405} = 2.3$$

اب اس میں انسولین کم ہوگئی ہے یعنی لبلبہ کمزور ہو گیا ہے۔ جوں ہی انسولین کم ہوئی شوگر بڑھ گئی ہے۔

یہ سب مانتے ہیں۔ جب ٹائپ ٹو شوگر تشخیص ہوتی ہے %50 تک لبلبہ کمزور ہو چکا ہوتا ہے۔

اب بھی اگر آپ لو کارب ڈائٹ، دو کھانے اور ورزش شروع کریں گے تو یہ %50 لبلبہ ساری عمر شوگر کنٹرول کرنے کے لیے کافی ہے۔

اب میں کم خرچ ٹیسٹ بتاتا ہوں یہ HOMA.IR سے بہت کم قیمت ہے۔

Triglyceride / HDL Ratio

(Lecture No 358, 359)

اس میں آپ 8 سے 10 گھنٹے خالی پیٹ رہ کر ٹیسٹ کروائیں گے۔

Triglyceride / HDL = < 1, Ideal 1-1.5(Healthy)

70mg/dldivided70mg/dlBestis11.6-2OK

کوشش کریں 2 سے کم رہے اور HDL بڑھائیں۔ اس کے لئے ویٹ ٹریننگ اور لو کارب ڈائٹ (Lecture No 359) پھر سمجھ لیں، جوں ہی آپ کاربوہائیڈریٹ یعنی گلوکوز و بلیو کھانا کم کریں گے

تو ٹرائگلسرائڈ کم ہوگا۔

خلاصہ

انسولین ریزسٹنس ایسی حالت ہے جس میں ہمارے جسم کے خلیے انسولین ہارمون کے خلاف مزاحمت کرتے ہیں جس کے نتیجے میں خون میں شوگر کی سطح بڑھ جاتی ہے، اس کو ٹائپ 2 ذیابیطس کہتے ہیں۔ اس کو شروع ہونے اور ٹائپ 2 تشخیص ہونے میں 5 سے 20 سال لگتے ہیں۔ اگر اس کو شروع میں تشخیص کر لیں تو ہم اپنے لبلبے کو بچا سکتے ہیں۔

علامات سے تشخیص کیسے کریں

Sign of Insulin Resentence

پیٹ کا باہر نکل آنا یعنی visceral fat or Belly fat
دیکھنے میں آپ کا جسم سیب کی طرح لگے گا۔

1۔Waist / Height Ratio

پیٹ اور آپ کے قد کا تناسب
کمر کی پیمائش انچوں میں waist in inches
اور قد بھی انچوں میں Height in inches
مثال کے طور پر
آپ کا قد 5 فٹ ہے یعنی 60 انچ اور آپ کا پیٹ 40 انچ ہے 40/60۔
40÷60=0.66ModerateI.R
اصل میں آپ کا پیٹ 30 ہونا چاہیے تھا۔ نارمل تناسب 0.5 سے کم ہونا چاہیے۔ جیسے 0.5=60÷30 جتنا کم ہوگا اتنا بہتر ہے۔

b. Waist x 2 = less than Height
30 " x 2 = 60 / 60 = mild I.R
34 x 2 = 68 " / 60" =High I.R
28 x 2 = 56 / 60 = Normal

یہ آسان اور مفت طریقہ ہے

دوسرا آسان طریقہ یہ ہے
آپ کی کمر 2x یہ آپ کے قد سے کم ہو۔ قد 5 فٹ ہے یعنی 60 انچ، 30x2=60/60۔

Mild I. R یہ اب بارڈر پر ہے۔

مثال کے طور پر اگر آپ کی کمر کی پیائش 34 انچ ہے اور قد 5 فٹ ہے

34x2=68

68/60=I.Rmoderate

یہ 8 انچ زیادہ ہے

28x2=56

56/60=Normal

یہ آئیڈیل ہے

5 فٹ کی لڑکی ہو یا لڑکا دونوں کے لئے پیٹ کی پیائش 28 انچ سے کم ہونی چاہیے۔

.Skin Tags or Acanthosis Nigricans۔2

پہلے گردن، ٹانگوں، ہاتھوں، بغل میں زیادہ کالا نشان بن جاتا ہے۔ دوسرا چھوٹے چھوٹے موکے سارے جسم پر کہیں بھی بن جاتے ہیں۔ یہ دونوں انسولین ریزسٹنس کی علامات ہیں۔ لیکچر نمبر 441۔

سی پیپٹائیڈ ٹیسٹ

C - Peptide Test

Lecture No. 78, 300

نئی تحقیق سے یہ ثابت ہوا ہے کہ لبلبہ کے بیٹا سیل کتنا کام کر رہے ہیں اور کتنے کمزور ہو گئے ہیں۔ یہ سب سے سستا اور آسان ٹیسٹ ہے۔ اس میں آپ خالی پیٹ خون سے یہ ٹیسٹ کرتے ہیں۔

اس کے فائدے

1. اس سے ہمیں ٹائپ ون اور ٹائپ ٹو شوگر کا پتہ چلتا ہے۔
2. ٹائپ 2 شوگر ہونے سے پہلے پری ڈائیبٹک میں اس سے پتہ چلے گا کہ 4 یا 5 سال کے بعد مکمل ٹائپ 2 شوگر ہو جائے گی۔
3. انسولین ریزسٹنس میں یہ انسولین کی طرح بڑھا ہوا ہوتا ہے۔
4. سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ہم یہ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ ہمیں دوائی یا انسولین لینی ہے یہ نہیں۔
5. آخر میں لبلبہ کا کینسر بھی اس سے آسانی سے تشخیص ہو جاتا ہے۔

C-Peptide کیا ہے؟

ہمارے لبلبے (Pancrease) کے بیٹا سیل سے انسولین اور C-Peptide ایک ہی مقدار میں بنتے ہیں۔

ضروری فرق انسولین اور C-Peptide میں

a) انسولین بہت جلدی ہمارے جسم سے نکل جاتی ہے 5 سے 6 منٹ میں،

b) 50 فیصد انسولین جگر میں جانے کے بعد ضائع ہو جاتی ہے۔

c) اگر آپ Sulphonylurea یا انسولین لے رہے ہوں تو انسولین کا ٹیسٹ غلط آئے گا۔

C-Peptide

a) C-Peptide 30 سے 35 منٹ تک خون میں رہتا ہے۔

b) صرف 5 فیصد جگر میں ضایع ہوتا ہے۔ باقی گردوں کے ذریعے نکل جاتا ہے۔

c) ہمارے جسم کا کوئی سیل بھی اس کو استعمال نہیں کرتا۔

d) اگر آپ انسولین یا دوائیاں لے رہے ہیں تو پھر اس پر فرق نہیں پڑتا۔

لہٰذا C-Peptide ٹیسٹ انسولین ٹیسٹ کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔ لبلبہ کے بیٹا سیل کی صحت کو جاننے کے لئے، مطلب یہ کتنا کام کر رہے ہیں۔

ٹیسٹ کا طریقے

10 سے 12 گھنٹے خالی پیٹ صبح خون کا ٹیسٹ ہو گا۔ Fasting C-Peptide level، Fasting sugar یہ دونوں ٹیسٹ ضرور کروائیں۔

ٹائپ ون میں 0.2ng/ml سے کم ہو گا اور شوگر 300mg/dl سے زیادہ ہو گی۔

اس کا علاج اب صرف انسولین ہے۔ اس کے لئے میں علیحدہ کتاب لکھوں گا۔

صحت مند آدمی میں C-Peptide

Fasting C-Peptide 0.8-2ng/ml

Fasting sugar 70-80mg/dl

انسولین ریزسٹنس میں (Prediabetic)

Fasting C- Peptide 4ng/dl-8ng/dl

Blood fasting sugar 80-100mg/dl

ٹائپ 2 شوگر میں

Fasting C-peptide 0.8 ng - 1.2 ng /dl or 1.5 ng/dl

اس بارے میں ابھی کوئی حتمی نمبر فائنل نہیں ہوئے۔ جتنا اس کی ویلیو کم ہو گی اس کا مطلب ہے لبلبہ کام نہیں کر رہا۔ ٹائپ 2 تو ہو گی ہی تب، جب لبلبہ 50 فیصد خراب ہو چکا ہوتا ہے۔ اس پر اب بہت زیادہ ریسرچ ہو رہی ہے انشااللہ 2 سے 3 سالوں میں نتیجہ آجائے گا۔

Stimulated C-Peptide Test

جب پہلے ہم GTT (Glucose Tolerence Test) کرتے تھے اب اسی طرح Stimulated C-Peptide Test ہو رہا ہے۔ یہ بہت مہنگا ہے اور بہت جلد کتابوں میں بھی آجائے گا۔ اس میں 1 گرام گلوکوز 1 کلووزن کے حساب سے پانی کے گلاس میں گھول کر پی لیتے ہیں۔ مثال کے طور پر 80 کلو کے مریض کے لئے 80 گرام گلوکوز ڈالنا ہو گا۔ پہلے خالی پیٹ ٹیسٹ کریں گے پھر گلوکوز پینے کے آدھے گھنٹے کے بعد، 1 گھنٹے کے بعد، ڈیڑھ گھنٹے کے بعد، اور پھر 2 گھنٹے کے بعد۔ میرے خیال میں صرف خالی پیٹ C-Peptide اور شوگر کروالیں، یہ کافی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے یہ ٹیسٹ صرف گلوکوز پینے کے بعد اس پر سخت اعتراض یہ ہے کہ عام حالت میں کوئی بھی ایسے نہیں کرتا۔

ہم مکس کھانا کھاتے ہیں جس میں کارب، پروٹین اور چکنائی ہوتی ہے۔ اصل ٹیسٹ یہی ہے کہ آپ جو کھانے عام حالت میں کھاتے ہیں وہ کھا کر ٹیسٹ کریں۔ لہٰذا اب اس پر بھی تحقیق ہو رہی ہے انشااللہ اس کا نتیجہ بھی جلد آجائے گا پھر ہم بھی کروالیں گے۔

اب Homa-IR میں انسولین کی بجائے C-Peptide سے ٹیسٹ پر تحقیق ہو رہی ہے مستقبل میں انشااللہ اس پر بہت جلد مکمل تفصیل آجائے گی۔

اناج کیوں نہ کھائیں

ڈاکٹر ولیم ڈیوس نے جب اپنی کتاب **Wheat Belly** لکھی اس کے بعد ایک انقلاب آ گیا۔ تفصیل کے لئے آپ میرے لیکچر 2,50,70,99,350 سن سکتے ہیں۔

خلاصہ مختصر یہ ہے

آبادی بڑھنے کی وجہ سے 1950 کی دہائی میں خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لئے بہت اچھی تحقیق کی گئی۔ ڈاکٹر نارمن نے گندم پر تجربات کر کے ایسی گندم پیدا کی جس سے اس کی پیداوار بہت بڑھ گئی اور اس کو اسی خدمت کے لئے امن کا نوبل انعام بھی دیا گیا۔ کیوں ان کے مطابق غربت اور افلاس جنگوں کو جنم دیتا ہے۔ اس سے امن قائم ہو گا لیکن جب بھی آپ قدرت کے نظام میں مداخلت کرتے ہیں تو اس کے بہت خطرناک نتائج نکلتے ہیں۔ اب یہ کوئی تھیوری نہیں بلکہ ثابت شدہ حقیقت ہے۔ کاش لوگوں کو سمجھ آ جائے۔

اناج میں 70 سے 80 فیصد تک **Starch** ہوتا ہے، یعنی یہ گلوکوز ہوتا ہے۔ ہمارے ڈاکٹروں کو یہ بات اب بھی معلوم نہیں جو کہتے ہیں **Whole Wheat** کھاؤ اس میں اور میدہ میں صرف 5 سے 10 فیصد کا فرق ہے۔ اسی طرح چاول 80 فیصد، مکئی 65 فیصد، باجرہ، جوار 65 فیصد، ملتا ہے۔

ڈاکٹر قادر انڈیا نے ملٹ Mellit کے اوپر تحقیق کر کے یہ ثابت کیا کہ ان میں بھی 60 سے 70 فیصد تک گلوکوز ہے۔ جب بھی ہم گلوکوز کھائیں گے، یہ زیادہ نقصان دہ ہے، لہذا ہمارا لبلبہ فوری طور پر انسولین بنائے گا جو اس کو خون سے نکال کر

1. پٹھوں میں چربی والے سیل میں اور جگر یعنی لیور میں جمع کر کے خون میں 70 یا 80 ملی گرام تک کم کر دے گا۔
2. آپ کا سیل جتنا استعمال کرے گا باقی تمام چربی میں تبدیل کر کے پہلے جگر، پھر پیٹ کے اندر جمع کر دے گا۔
3. پھر 5 سے 20 سال کے بعد **Metabolic Syndrome or Insulin Resistance** ہو جائے گا جو تمام بیماریوں کی ماں ہے۔

مثال کے طور پر ایک پیپسی کی بوتل میں 250 کلوریز ہوتی ہیں اور ایک گھنٹہ واک کریں تو 250 کیلوریز استعمال ہوتی ہیں۔

1. ۱ گرام کاربوہائیڈریٹ میں 4 کلوریز ہیں۔
2. ۱ گرام پروٹین میں 4 کلوریز ہیں۔
3. ۱ گرام چکنائی یا فیٹ میں 9 کلوریز ہیں۔

ہمارا جگر سب سے پہلے زیادہ کیلوریز کو Glycogen میں تبدیل کر کے ایمرجنسی کے لئے سنبھال کر رکھتا ہے تا کہ جب کچھ کھانے کو نہ ملے تو پھر یہ Glycogen گلوکوز میں تبدیل کر کے ہمارا جسم استعمال کرتا ہے۔ یہ جگر میں 100 گرام اور پٹھوں میں 400 گرام جمع ہوتا ہے۔ اس کے بعد بچنے والی کیلوریز میں سے کچھ کولیسٹرال میں اور باقی سب Triglyceride میں تبدیل ہو کر جمع ہو جاتی ہیں۔ پہلے یہ جگر میں جمع ہوں گی تو فیٹی لیور ہو گا پھر آہستہ آہستہ لبلبہ اور پیٹ کے اندر جمع ہو گی۔ اس کو پیٹ کی چربی **Belly** fat یا Visceral fat بھی کہتے ہیں۔ یہ سب سے خطرناک چربی ہے۔ اگر ہم چکنائی یا فیٹ کو ایندھن کے لئے استعمال کریں گے تو اس کے لئے ہمیں

1. کاربوہائیڈریٹ 20 سے 25 گرام روزانہ لینے ہوں گے یہ اناج یا شوگر سے نہیں بلکہ سبزیوں اور

پھل سے لیں۔

2. سارے دن میں صرف دو کھانے کھائیں اور کھانوں کے درمیان کچھ نہ کھائیں۔ صرف پانی لیمن سالٹ واٹر یا قہوہ پی سکتے ہیں۔

3. بازار یا فیکٹری میں بنے ہوئے تمام کھانے مکمل بند کر دیں۔

4. کھانے کا تیل اور فیکٹری میں بنے ہوئے تمام کھانے مکمل بند کر دیں۔

5. تمام دوائیاں نقصان دہ ہیں، ان سے بچیں۔

6. رات کا کھانا سورج غروب ہونے سے 1 گھنٹہ پہلے کھالیں۔ اگر ویٹ ٹریننگ کرتے ہیں تو اس کے بعد کھائیں۔

7. ورزش کو زندگی کا ضروری معمول بنائیں۔ سب سے پہلے ویٹ ٹریننگ پھر واک HIIT یا یوگا۔

8. کوشش کریں آرگینک سبزیاں اور پھل کھائیں۔ یعنی جن پر سپرے نہ کیا ہو دیسی کھاد اور دیسی بیج اور صاف پانی استعمال کیا ہو۔

9. صحت مند چکنائی سارے دن کی کیلوریز کا 65 سے 70 فیصد اگر 2000 روزانہ لینی ہوں۔ 1400 سے 1500 یعنی 150 گرام دیسی گھی، مکھن، دنبہ یا بیل کی چربی استعمال کریں۔

خلاصہ

1. اگر آپ صرف بازاری یا فیکٹری والے تمام کھانے چھوڑ دیں،

2. کاربوہائیڈریٹ 20 سے 25 گرام روزانہ،

3. پروٹین ایک گرام پر کلو گرام اپنے وزن کے مطابق روزانہ لیں،

4. باقی صحت مند چکنائی 60 سے 70 فیصد استعمال کریں۔

تو تمام لوگ آپ کو ڈرائیں گے کہ فیٹ، چکنائی کا استعمال خطرناک ہے۔ اس کی بلکل پرواہ نہ کریں۔ جس طرح میں نے کہا اگر آپ استعمال کریں گے تو فکر کی کوئی بات نہیں۔

ہاں اگر آپ کاربوہائیڈریٹ کے ساتھ چکنائی استعمال کریں گے تو پھر خطرناک ہے۔ اگر صرف ایک بات یاد رکھنی ہو تو وہ یہ ہے کہ کاربوہائیڈریٹ کم کریں اور دو کھانے کھائیں اور ورزش کریں۔

جگر میں چربی Fatty Liver

Lecture No. 21, 186, 276, 451

جگر یعنی (Liver) ہمارے جسم کا سب سے اہم حصہ ہے۔ اگر یہ خراب ہو جائے تو سارا جسم صحت مند نہیں رہ سکتا۔ نہایت مختصر بتاؤں گا کہ اس کو نقصان کن چیزوں سے پہنچتا ہے اور یہ کس طرح صحت مند رہ سکتا ہے۔ پہلے جن چیزوں سے اس کو نقصان پہنچتا ہے۔

1. فریکٹوز (Fructose): یہ صرف جگر ہی میں ہضم ہوتا ہے یہ پہلے ٹرائگلسرائڈ، کولیسٹرال اور پھر یورک ایسڈ میں تبدیل ہوتا ہے۔
2. گلوکوز: نشاستہ جو اناج میں ہوتا ہے وہ صرف گلوکوز ہوتا ہے۔ یہ بھی جگر میں کولیسٹرال، ٹرائگلسرائڈ اور یورک ایسڈ میں تبدیل ہوتا ہے۔
3. فیٹی لیور: یعنی جگر کی چربی کی سب سے بڑی وجہ یہ دونوں ہیں۔
4. تمام دوائیاں، کیمیکل، سپرے (جو پودوں پر کرتے ہیں) فاسٹ فوڈ کے کیمیکل، ماحولیاتی آلودگی۔
5. تمام مصنوعی وٹامن (Synthetic Vitamen)۔
6. پروسیس فوڈ (Processed Food) خاص کر کھانے کا تیل، کیوں کہ جگر تمام زہریلے مادوں کو جسم سے نکالتا ہے لہٰذا کوئی بھی کیمیکل اس کو نقصان دیتا ہے۔

جگر کے لئے فائدہ مند کیا ہے

1. قدرتی خوراک، دیسی کھاد اور دیسی بیج سے بنی ہوئی خوراک۔
2. گھاس چرنے والے جانوروں کا گوشت، گھی، مکھن اور چربی۔
3. سب سے فائدہ مند ہے فاسٹنگ، اس سے جگر کو آرام ملتا ہے اور وہ تمام خطرناک مادے خوراک سے نکال کر بائل کے ذریعے آنتوں میں داخل کرتا ہے اور وہ پاخانے کے ساتھ جسم سے نکل جاتے ہیں۔

دوسرا اپنے آپ کو Repair یعنی مرمت بھی کرتا ہے کم از کم کھانے کے 12 سے 14 گھنٹے بعد تک کچھ نہ کھائیں۔ اس سے جگر کو بہت آرام ملتا ہے اور وہ صحت مند رہتا ہے۔

کولیسٹرال آپ کا دوست ہے

Cholesterol

Lecture No. 20, 105, 161, 169, 175, 235, 280

میڈیکل سائنس کی سب سے بڑی غلطی کہ ''کولیسٹرال کم کریں'' تھی اور بہت جلد اس کے اثرات پوری دنیا میں نظر آئے۔ ڈاکٹر انسل کی (Ancel Keys)1960 نے اس کو دل کے لئے خطرناک قرار دیا اور اس کے بعد مکھن ، گھی ، گوشت ، انڈے جو کہ بہترین چکنائی تھی اس کو ہمارے لئے مکمل بند کر دیا گیا۔ اس کے متبادل کے لئے کوکنگ آئل اور مارجرین لائے گئے اور اناج، کارب کو بہترین ڈائٹ قرار دیا گیا۔

اب اس کی حقیقت سب پر واضح ہوچکی ہے کہ یہ فوڈ انڈسٹری (Cocking Oil) اور فارما انڈسٹری اور ڈاکٹروں (AHA) کا غلط مشورہ تھا، جس کی سزا پوری دنیا نے بھگتی۔ حقیقت یہ ہے کہ کولیسٹرال ہمارے جسم کے لئے بہت ضروری مرکب ہے۔ تفصیل کے لئے آپ اوپر لکھے ہوئے ہمارے لیکچر دیکھ سکتے ہیں۔ اس کے بغیر صحت مند جسم کا کوئی تصور نہیں۔

خاص کر مردوں اور عورتوں کے ہارمون،

1. ٹیسٹوسٹیرون (Testosterone)

2. ایسٹروجن (Estrogen)

3. کورٹیسول (Cortisol)

4. وٹامن ڈی3 (Vitamin D3)

اس کے علاوہ ہڈیوں کی مضبوطی اور بائل (Bile) (پتے کی رطوبت) کی پیداوار، دماغی صحت اور مظبوط مدفاتی نظام کی کارکردگی کو بہتر بناتا ہے۔

خلاصہ

اب آپ صرف کارب کم کریں۔ یعنی گندم، چاول، چینی اور کھانے کا تیل کم مقدار میں کھائیں یا بند کر دیں۔ اور بے فکر ہو کر دیسی گھی، مکھن، ناریل کا تیل، زیتون کا تیل اور سرسوں کا تیل استعمال کریں۔ سب سے بہترین دنبہ کی چربی، بیل کی چربی صحت کے لئے بہترین ہے۔ شرط صرف ایک ہی ہے کہ اس کو شوگر یا کاربوہائیڈریٹ کے ساتھ نہیں کھانا۔

مردانہ کمزوری اور بانجھ پن

Male Erectile Dysfunction and Infertility

Lecture No. 192, 192, 193, 194, 195, 196

مردانہ کمزوری مردوں کے لئے یہ سب سے حساس معاملہ ہے۔ یہ بھی ثابت ہوا کہ اگر ہم ڈائٹ تبدیل کریں اور ورزش کریں تو 80 سے 90 فیصد یہ مسلہ بھی حل ہو جاتا ہے۔ مردانہ ہارمون ٹیسٹوسٹیرون (Testosterone) بھی کولیسٹرال سے بنتا ہے۔ جب یہ کم کر دیا جائے جیسے اسٹیٹن دوائی (Statin) سے تو مردانہ کمزوری کی سب سے زیادہ شکایت اس دوا کو استعمال کرنے والے مریضوں کی آئی۔ مزید تفصیل کے لئے اوپر لکھے ہوئے لیکچر ضرور سنیں۔

خلاصہ

لوکارب کیٹو ڈائٹ میں جب ہم دیسی گھی مکھن، دنبہ کی چربی، بیل کی چربی، گوشت اور انڈے کھائیں گے تو یہ مردانہ ہارمون کو بڑھاتے ہیں، جس سے مردانہ جراثیم بھی صحت مند ہوتا ہے اور مردانہ قوت بھی بڑھ جاتی ہے۔

عورتوں میں بانجھ پن اور ماہواری کا مسلہ

Polycystic Ovary Syndrome (PCOS)

Lecture No. 135, 180, 421, 449

یہ مسئلہ چھوٹی بچیوں میں یعنی 7 سال کی عمر سے شروع ہو جاتا ہے۔ بہت سے ملکوں میں ماہواری اب 9 سے 11 سال کی عمر کی بچیوں میں شروع ہو رہی ہے۔ وجہ صرف ہائی کارب، فاسٹ فوڈ، جوس، پیزا، برگر اور شوگر کا بے تحاشہ استعمال ہے۔ جو بچے فارمولا ملک (ڈبے والا دودھ) استعمال کرتے ہیں ان میں یہ سب بیماریاں بہت زیادہ ہیں۔ عورتوں کے ہارمون Progesterone, Estrogen بھی کولیسٹرال سے بنتے ہیں۔

خلاصہ

آسان حل یہی ہے لو کارب، کیٹو ڈائٹ اور ورزش۔ دیسی گھی، مکھن، انڈے، اخروٹ، بون براتھ، دنبہ، بیل یا بکرے کا گوشت ضرور دیں۔ برائیلر مرغی کوشش کریں نہ دیں۔ جوس بالکل بند کر دیں۔ انشااللہ لڑکیوں میں خاص کر اس کا بہت فائدہ ہو گا۔

یورک ایسڈ(Uric Acid)

Lecture No. 23, 159, 184, 403, 452

ڈاکٹرڈیوڈDr. David Primullerکی تحقیق نے یورک ایسڈ کے بارے میں پرانی تھیوری کو مکمل تبدیل کر دیا۔ ہمیں یہی بتایا گیا کہ گوشت، کلیجی اور پائے سے یورک ایسڈ بڑھتا ہے جو غلط ثابت ہو گیا۔ حقیقت یہ ہے

1. یورک ایسڈ 70 فیصد ہمارے جسم میں جو ہمارے خلیے روزانہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوتے ہیں ان کے DNA سے بنتا ہے۔ یعنی Purine protein اسی طرح جب کینسر کا علاج کروانے سے جو سیل مرتے ہیں تو اس سے یورک ایسڈ بڑھتا ہے۔
2. 15 سے 20 فیصد چینی یعنیFructoseاور گلوکوز سے بنتا ہے۔ (فروٹ، جوس، سوڈا اور بوتلیں ان سب میں فرکٹوز(Fructose)ہوتا ہے۔
3. صرف10 فیصد گوشت کھانے سے بنتا ہے۔

اگر آپ الکحل پیتے ہیں تو اس سے بھی یورک ایسڈ بڑھتا ہے۔ لہٰذا کھانے پینے میں سب سے زیادہ یورک ایسڈ فرکٹوز پھر گلوکوز سے بنتا ہے۔

ڈاکٹر ڈیوڈ کے مطابق نارمل ویلیو خون میں4-5.5mg/dl ہے، اس سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔

نئی ریسرچ کے مطابق 3 بڑی چیزوں سے یورک ایسڈ بنتا ہے۔

1. پیورین پروٹین (Purines Protein)جو کہ ہمارے خلیوں میں اور چھوٹی مچھلی میں ہوتا ہے جب خلیے مرتے ہیں تو یورک ایسڈ بڑھ جاتا ہے جیسے کینسر کے علاج میں۔
2. فرکٹوز اور الکحل(Fructose and Alcohol)
3. گلوکوز(Glucose) اگر زیادہ ہو تو وہ بھی فرکٹوز میں تبدیل ہو گا اور پھر فرکٹوز یورک ایسڈ میں۔
4. یورک ایسڈ (Uric Acid)سب سے کم گوشت، کلیجی، دل، گردے اور پائے (Bone Broth)میں ہوتا ہے۔
5. اگر گردے کام نہ کر رہے ہوں پھر بھی یورک ایسڈ بڑھ جاتا ہے۔ کیوں کہ یہ گردوں سے نکلتا ہے۔

خلاصہ

اب آپ کو گوشت کم نہیں کرنا بلکہ آپ کو شوگر، جوس، بوتلیں اور گندم، چاول جس میں ساری گلوکوز ہوتی ہے بند کرنا ہے۔ لو کارب یا کیٹو ڈائٹ میں پہلے 3 سے 4 مہینے کے بعد یورک ایسڈ نارمل ہو جائے گا۔ لہٰذا پرہیز آپ نے شوگر، اناج، جوس اور الکحل کی کرنی ہے۔ گوشت کی نہیں۔ کیٹو ڈائٹ میں یورک ایسڈ بڑھنے کی وجہ یہ ہے کہ کیٹون گردوں میں یورک ایسڈ کو پہلے نکلنے نہیں دیتے۔ لہٰذا یہ بڑھ جاتا ہے اور صرف 6 مہینے بعد کم ہو جائے گا۔

جنیاتی طور پر تبدیل شدہ بیج

Genetically Modified Organism (GMO)

Lecture No. 364

جی ایم او یعنی جنیاتی طور پر تبدیل شدہ بیج سے حاصل ہونے والی خوراک۔ اس میں جنیاتی مادے کو لیبارٹری میں بدلا جاتا ہے اور ان میں مخصوص خصوصیات شامل کی جاتی ہیں۔ جیسے:

1. زیادہ پیداوار
2. کیڑوں سے بچاؤ
3. خراب ہونے سے محفوظ رہنے کی صلاحیت

ان کے نقصانات

1۔ الرجی Allergy

کچھ لوگوں میں یہ خوراک الرجی کی وجہ بنتی ہے۔

2۔ زہریلے اثرات

تحقیقات کے مطابق جی ایم او خوراک کے طویل مدتی استعمال سے جگر اور گردے کی کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔

3۔ غذائی اجزاء کی کمی Low Nutritional Value

اس میں غذایت کم ہوتی ہے۔ جنیاتی تبدیلی مقدار کو متاثر کرتی ہے۔

4۔ ماحول پر منفی اثرات Environmental Pollution

ان کی کاشت کے دوران زیادہ کیمیکل استعمال ہوتے ہیں جو زمین اور پانی کو آلودہ کرتے ہیں۔
کیڑے مار ادویات کی مزاحمت پیدا ہوتی ہے اور دوائی اثر نہیں کرتی۔

5۔ کسان کی مشکلات

یہ بیج مہنگے ہوتے ہیں اور دوبارہ استعمال نہیں ہو سکتے۔ ہر دفعہ کسان کو نئے بیج خریدنے پڑتے ہیں۔

خلاصہ

چونکہ جی ایم او خوراک نئی ایجاد ہے۔ اس کے طویل مدتی اثرات کے بارے میں مکمل معلومات دستیاب نہیں ہیں۔ جہاں یہ کاشت ہوتی ہیں ان کے نزدیک گاؤں میں زیر زمین پانی زہریلا ہو گیا ہے۔ وجہ زیادہ سپرے کا استعمال تھا۔ دوسرا زمین کو زرخیز بنانے والے کیڑے مر جاتے ہیں اور قدرتی فائدے جو کیڑوں سے ہوتے ہیں وہ نہیں ہوتے۔

ہماری آنتوں کے جراثیم

(Gut Microbiome)

Lecture No. 111, 270, 370

انسانی جسم میں موجود جراثیم کا سب سے اہم مجموعہ پیٹ کے جراثیم ہیں۔ یہ لاکھوں اقسام کے بکٹیریا، فنگس، اور دیگر خوردبینی جانداروں پر مشتمل ہوتا ہے۔ یہ کھانا ہضم کرنے کے علاوہ صحت مند مدافعاتی نظام کے لئے بھی ضروری ہیں۔ ماہرین کے مطابق دیسی کھاد، دیسی بیج اور صاف پانی سے پیدا ہونے والی سبزیاں اور پھل ان کو کوئی نقصان نہیں پہنچاتے۔

دوسری طرف بازاری فکٹریوں میں بنے ہوئے کھانے (پروسیس فوڈ)، شوگر اور کھانے کا تیل ان کے لئے نقصان دہ ہیں۔

پیٹ کے جراثیم اور دماغی صحت کا گہرا تعلق ثابت ہو گیا ہے۔ (Gut Brain Axis) یہ Serotonin جو کہ خوشی کے ہارمون پیدا کرتے ہیں اور اس سے ڈپریشن کم ہوتا ہے اور موڈ بہتر ہو جاتا ہے۔ ماہرین کے مطابق 90 فیصد سیروٹونین کی پیداوار آنتوں میں ان جراثیموں کی وجہ سے ہوتا ہے۔

ڈاکٹر ولیم ڈیوس (Dr. Villiam Davis) جن کی شہرہ آفاق کتاب Wheat Belly نے فروخت کے ریکارڈ قائم کیے۔ اب ان کی کتاب Super Gut میں انہوں نے ان جراثیم

پر تحقیق شائع کی ہے ان کے مطابق ان کا بنایا ہوا دہی ان کے لئے بہتر ہے۔ ڈاکٹر ولیم ڈیوس نے Lacto Bacillus Reuteri جراثیم کو استعمال کر کے ایک دہی بنایا ہے۔

اس کے فائدے

1. ہمارے پٹھے یعنی مثل مضبوط ہوں گے۔
2. مردانہ ہارمون یعنی ٹیسٹوسٹیرون کو بڑھائے گا۔
3. ہمارے مدافعاتی نظام (Innunity) کو مضبوط کرتے ہیں۔
4. زخموں کو جلد ٹھیک کرتے ہیں۔
5. پیٹ کی چربی کم کرتے ہیں۔
6. جلد کو صحت مند رکھتے ہیں۔

اب امریکہ میں یہ ایک کیپسول میں آتا ہے۔ اس کو ایک پیالے دہی میں ڈال کر 36 گھنٹے تک گرم جگہ رکھ دیتے ہیں، پھر اس میں سے 100 گرام روزانہ کھائیں۔

مختصر اتنا بتادوں

تمام دوائیاں خاص کر

1. انٹی بایوٹک ان کو بہت نقصان پہنچاتی ہیں۔
2. شوگر اور زیادہ کارب (یعنی گندم، چاول، اناج) اور کوکنگ آئل ان کو بہت نقصان پہنچاتے ہیں۔
3. جتنی جراثیموں کی ورائٹی زیادہ ہوگی اتنا آپ صحت مند ہوں گے۔
4. کیٹو ڈائٹ کا فائدہ ان کو ایسے ہوتا ہے کہ چکنائی کھانے سے بائل آئے گا اور بائل بیماریوں والے جراثیموں کو مار دیتا ہے اور دوسرا بائل کے آنے سے قبض نہیں ہوتی۔
5. یہ جراثیم ہمارے لئے بہت سے وٹامن بھی بناتے ہیں جیسے K_1 کو K_2 میں تبدیل کر دیتے ہیں۔

آخر میں صرف اتنا جان لیں جیسے آپ اپنا کھانا تبدیل کریں گے جراثیموں کی قسم بھی تبدیل ہو جائے گی۔

نمک اور بلڈ پریشر

Salt and Blood Pressure

Lecture No. 66, 383, 431

یہ فلسفہ بھی غلط ثابت ہو گیا ہے۔ لیکن ڈاکٹر صاحبان اب بھی نہیں ماں رہے۔ میں نے لیکچر نمبر 66 میں بری تفصیل سے بیان کر دیا ہے، جو تفصیل جاننا چاہیں وہ لیکچر سن لیں۔

خلاصہ

اگر آپ ہائی کاربوہائیڈریٹ کھائیں گے تو اس سے انسولین آتی ہے وہ سوڈیم اور پانی کو جسم میں روک لیتی ہے۔ جس سے بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے۔ لہٰذا آپ کے ڈاکٹر صاحبان کارب کم کرنے کا نہیں کہیں گے کیوں کہ اس سے فوڈ انڈسٹری اور فارما انڈسٹری، دونوں کا نقصان ہو گا۔ ان کا پراسیس فوڈ جس میں نمک بہت ہوتا ہے اور بلڈ پریشر کی دوائی فروخت نہیں ہو گی۔ یہاں میں تل ابیب، اسرائیل کی ریسرچ کا حوالہ دوں گا۔

نمک کے بارے میں بہت بڑی ریسرچ

2016 میں تل ابیب اسرائیل میں ایک ریسرچ 5 لاکھ لوگوں پر 49 ملکوں میں کی گئی بلڈ پریشر اور نمک کے بارے میں۔ اس کا نتیجہ یہ آیا کہ جو لوگ نمک امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کی بتائی ہوئی مقدار یعنی 1.1 گرام (1100 ملی گرام) کھاتے تھے ان کا بلڈ پریشر زیادہ تھا اور وہ دوائیاں لیتے تھے۔

جو لوگ ان کی بتائی ہوئی مقدار سے 6 گنا یعنی 6 گرام روزانہ کھاتے تھے ان کا بلڈ پریشر نارمل تھا۔

AHA نے اس کی مخالفت کی اور اس کو ماننے سے انکار کر دیا۔

آسان زبان میں سمجھ لیں جوں ہی آپ کارب کم کریں گے انسولین کم ہو گی ، نہ ہی سوڈیم ، نہ ہی پانی جسم میں جمع ہو گا۔ لہٰذا آپ دیکھیں گے کہ جب آپ کیٹوڈائٹ شروع کریں گے پہلے ہفتے جسم سے تمام زیادہ پانی اور نمک نکل جائے گا۔ یعنی پیشاب زیادہ آئے گا اور بلڈ پریشر کم ہو جائے گا۔

خلاصہ

لو کارب اور کیٹوڈائٹ میں آپ کو نمک کم کرنے کی ضرورت نہیں، بلکہ اس سے آپ کے جسم میں دردیں نہیں ہوں گی اور بلڈ پریشر بھی کم ہو گا۔ سب سے بہتر نمک ہمارے کھیوڑہ کا ہے Pink Himalayan salt یہ عام ملتا ہے۔

نئ تحقیق Ruminant Animal کا گوشت

Lecture No. 247, 384, 426, 442

نئ تحقیق سے یہ معلوم ہوا ہے کہ وہ جانور کا کا میدہ 4 مختلف کام کرتا ہے

Digestion by Chewing and Fermentation آسان الفاظ میں جگالی کرنے والے جانور، ان میں بیل، گائے، اونٹ، دنبہ، بکرا، بھینس، ہرن آتے ہیں۔ یہ گھاس جڑی بوٹیاں کھاتے ہیں اور ان میں جو خطرناک مادے ہوتے ہیں۔ ان کو **Fermentation** کر کے ختم کر دیتے ہیں لہٰذا ان کے گوشت میں بہترین غذائیت ہوتی ہے۔

ان میں فارم میں رہنے والا جانور شامل نہیں۔ یہ کھلے چرتے ہیں۔ 8 سے 10 گھنٹے دھوپ میں رہتے ہیں۔ ان کو Grass Finish Free Grazing Animal کہتے ہیں۔ ان کا گوشت، چربی Bone Broth، کلیجی، دل، گردے اور مغز بہترین خوراک ہے۔

خلاصہ

یہ جانور گھاس، پودے، سبزیاں، اناج، دالیں، لوبیا کھائیں۔ اس کو زہریلے مادوں سے صاف کریں اور ہم ان کا گوشت، چربی، گھی، مکھن جتنا چاہے استعمال کریں۔ اگر بچوں اور حاملہ عورتوں کو یہ گوشت، اور گھی یا چربی دی جائے تو ان کو پھر کسی اور غذا کی ضرورت نہیں۔

Ruminant Animal

یہ ڈائٹ بیماریوں کو کیسے ختم کرتی ہے؟

Lecture No. 203, 223, 279

یہ سب سے زیادہ پوچھا جانے والا سوال ہے۔ جس طرح کسی ملک کو بچانے کے لیے دفاعی شعبہ Defence ہوتا ہے۔ جس میں بری، بحری، اور ہوائی فوج، پھر کمانڈو، جاسوس کی ایجنسی اور شہروں کے لیے پولیس اور بہت سے محکمہ شامل ہوتے ہیں۔

کیا آپ یقین کریں گے یہ سب ہمارے جسم کے مدافعتی نظام کی نقل ہے۔ اسی طرح جتنا ہمارا مدافعتی نظام (Immune System) مضبوط اور صحت مند ہوگا، اتنا ہی ہم بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔

تمام بیماریاں سوزش (Imflammation) سے شروع ہوتی ہیں، اور یہی ہمارا مدافعتی نظام ہے۔ یہاں تک کہ کینسر میں بھی (Immune Therapy) سب سے کم نقصان پہنچانے والا علاج ہے۔ اگر آپ خوراک، فاسٹنگ اور ورزش سے اپنے اس نظام کو مضبوط کر لیں گے تو پھر آپ کو تمام بیماریوں سے نجات مل جائے گی۔

اگر ساری کتاب کو ایک سطر میں بیان کروں تو اپنا مدافعتی نظام (Immune System) مضبوط کر لیں تو سارا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

اس کے لیے سب سے ضروری اقدامات

1. حمل کے دوران ماں کو صحت مند غذا اور سپلیمنٹس جیسے وٹامن ڈی 3، آئیوڈین، میگنیشیم، EPA, DHA (Omega3) گوشت اور صحت مند چربی دیں۔

2. دو سال تک ہر حال میں بچے کو ماں کا دودھ پلائیں۔
3. 4 ماہ کی عمر کے بعد بچے کو ماں کے دودھ کے ساتھ انڈے کی زردی، پھل، گوشت شروع کروائیں۔(Lecture 55)
4. بچوں کو شوگر والی غذا اور ڈبے کا دودھ ہرگز نہ دیں۔
5. بچوں کو ڈیجیٹل ڈیوائسز، ٹی وی، موبائل اور ویڈیو گیمز سے دور رکھیں۔ اور باہر جتنا چاہیں کھیلیں۔

No Change Rule

(By Dr William Davis)

Lecture No. 17

اگر ساری کتاب نہ ہو اور آپ صرف یہ سمجھ لیں تو آپ کو کسی ڈاکٹر کی ضرورت نہیں۔ اس کا مطلب ہے آپ ایسے کھانے کھائیں جس سے آپ کی شوگر خون میں تبدیل نہ ہو۔ اس کا آسان طریقہ یہ ہے آپ کو اس کے لئے گلوکو میٹر چاہیے۔

1. کھانے سے پہلے گلوکو میٹر سے آپ اپنی شوگر چیک کریں۔
2. پھر آپ نے جو کھانا ہے کھالیں۔
3. آخری نوالہ کھانے کے ایک گھنٹہ کے بعد شوگر چیک کریں۔
4. پھر مزید تسلی کے لیے سوا گھنٹے کے بعد یا ڈیڑھ گھنٹہ بعد چیک کرلیں اور نوٹ کرلیں۔

اب فرض کریں، کھانے سے پہلے شوگر 95mg/dl تھی۔

ایک گھنٹے کے بعد 110mg/dl ہوگئی۔

سوا گھنٹے کے بعد 115mg/dl ہوگئی۔

ڈیڑھ گھنٹے کے بعد 112mg/dl ہو گئی۔

اس کا مطلب ہے کہ سوا گھنٹے کے بعد آپ نے کھانے سے جتنی شو گر بڑھانی تھی بڑھ گئی۔

مثال نمبر 1

115-95=20mg/dl

20mg

یہ کھانا آپ کے لئے بہترین ہے۔

مثال نمبر دو

اگر پہلے شوگر 95 ملی گرام

ایک گھنٹے کے بعد 195 ملی گرام

سوا گھنٹے کے بعد 220 ملی گرام ہو گئی اس کا مطلب 220-95=125mg، اب اس کھانے سے 125 ملی گرام شو گر بڑھی، یہ کھانا خطرناک ہے۔

اسی طرح آپ سارے کھانوں کی لسٹ بنا کر رکھیں جس کھانے سے 20 سے 25 تک بڑھے وہ ٹھیک ہے۔

آسان طرح سے سمجھ لیں۔

50 سال سے کم عمر تک 20 سے 25 تک بڑھے تو ٹھیک ہے۔

50 سال سے زیادہ 30 سے 35 تک ٹھیک ہے۔ اس کے لئے آپ کو صرف ایک شو گرچیک کرنے والا آلہ گلکو میٹر اور شو گرچیک کرنے والی اسٹرپ چاہیے۔ جو کہ صرف 40 روپے کی ایک اسٹرپ ہے۔ گلکو میٹر اچھی کمپنی کا 3000 یا 3500 میں آتا ہے۔ صرف یہ ایک طریقہ سیکھ لیں، آپ کو اگر کتاب سمجھ نہ آئے تو کوئی بات نہیں۔

1. اس میں یہ بھی سمجھ لیں کہ آپ نے کوئی دوائی نہیں لینی۔ 24 گھنٹے پہلے دوائی بند کر دیں۔
2. ٹیسٹ میں مختلف انگلیوں سے 5 سے 10 کا فرق پڑے گا۔

3. ہر انسان کے معدے کی صحت کے حساب سے sugar peak علیحدہ علیحدہ ہوتی ہے۔ زیادہ تر لوگوں کی 1 گھنٹے کے بعد peak آجاتی ہے مگر کچھ لوگوں کی ڈیڑھ یا دو گھنٹے کے بعد آتی ہے۔ اس کے لئے جب تک شوگر بڑھتی رہے 15 منٹ کے بعد چیک کرتے رہیں، جب نیچے آجائے تو رک جائیں۔
4. مختلف کھانے ہم مکس کر کے کھائیں گے لہٰذا رزلٹ بھی مختلف آئے گا، پریشان نہ ہوں۔
5. نارمل آدمی میں 2 گھنٹے کے بعد شوگر واپس اتنی ہی ہو گی جتنی کھانے سے پہلے تھی۔ مثال کے طور پر اگر پہلے 90 تھی تو 2 گھنٹے کے بعد 90 یا 95 آئے گی۔
6. شوگر والے مریضوں (T2D) میں 3 سے 4 گھنٹے کے بعد آتی ہے۔ لہٰذا وہ چار گھنٹے کے بعد چیک کریں۔
7. زیادہ peak صرف کاربوہائیڈریٹ سے آتی ہے۔
8. اس کے بعد 4 یا 6 مہینے کے بعد ٹیسٹ HBA1c ضرور کروائیں۔

50 سال سے کم 5 فیصد تک رکھیں۔

51 سال سے 60 سال تک 6 فیصد صحیح ہے۔

61 سال سے 70 سال تک 7 فیصد تک صحیح ہے۔

71 سال سے اوپر 8 فیصد تک ٹھیک ہے۔

یہ صرف ڈائٹ، فاسٹنگ اور ورزش سے کرنا ہے۔ جو لوگ دوائی یا انسولین لے رہے ہیں ان کے لئے یہ نہیں ہے۔ دوائی 50 سال کے بعد خطرناک ہے۔ اسی لئے آپ کو رعایت دی گی ہے کہ دوائی نہ لیں HBA1c بڑھا لیں۔

اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ ضرور بڑھائیں، اب آپ جتنا کم رکھیں گے بڑھاپا اتنا ہی بہتر گزرے گا۔ آخر میں پھر بتا دوں صرف یہ ٹیسٹ کرنا سیکھ لیں آپ کو کسی لیکچر یا کتاب کی ضرورت نہیں یہ سب سے سستا طریقہ ہے شوگر کنٹرول رکھنے کا۔

سب سے ضروری دریافت ہمارے جسم کے بارے میں

میرے لئے یہ تکلیف ہی کم نہ تھی کہ میں جو باتیں مریضوں کو خوراک کے بارے میں بتاتا تھا وہ غلط ثابت ہو گیں۔ مثال کے طور پر میں 25 سال تک مریضوں کو یہی کہتا رہا کہ بران بریڈ کھاؤ۔ ہر دو گھنٹے کے بعد کچھ نہ کچھ ضرور کھاؤ۔ روزہ بلکل نہ رکھنا۔ کیوں کہ یہ سب باتیں مجھے شوگر کے ماہر ترین پروفیسروں نے بتائی تھیں اور میں خود شوگر کا مریض تھااور ان پر عمل کر رہا تھا۔ اس سے بڑی حیران کن بات یہ تھی کہ کاربوہائیڈریٹ یعنی نشاستہ سے ہمارے جسم کا کوئی حصہ نہیں بنتا۔ یہ صرف ایندھن کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ ہمارے جسم کے تمام اجزاء پروٹین اور فیٹ سے بنتے ہیں۔ جس کا ذکر میں پہلے کر چکا ہوں اور سب سے ضروری مردانہ ہارمون بھی کولیسٹرال سے بنتا ہے، اگر یہ کم کریں گے تو مردانگی ختم ہو جاے گی۔

لہٰذا یہ بات سمجھ لیں

1. 80 سے 90 گرام ہائی کوالٹی پروٹین یعنی بیل کا گوشت، دنبہ، بکرہ اور انڈے ضرور کھانے ہیں۔
2. کھانے کے تیل جو فیکٹریوں میں بنتے ہیں وہ زہر ہیں، بلکل نہ کھائیں۔
3. دیسی گھی، مکھن اگر نہ ملیں تو ناریل کا تیل، اور عام لوگ دیسی سرسوں کا تیل (کولڈ پریس) استعمال کریں۔ (لیکچر 462،461)
4. زیادہ بہتر یہ ہے کہ دنبہ کی چربی، بیل کی چربی، اونٹ کی چربی اور بکرے کی چربی پہلی ترجیع ہونی چاہیے۔
5. باقی اگر گھر میں اگا یا ہوا سلاد، گاجر، مولی، بند گو بھی، پھول گو بھی، دیسی بیج اگر ہوں تو بہتر ہے۔
6. ادرک، لہسن، پیاز، کالی مرچ، لونگ، تھوڑی سی ہلدی روزانہ استعمال کر سکتے ہیں۔

ماڈرن تب کا سب سے بڑا المیہ

ماڈرن تب کا سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ یہ صرف علامات کا علاج کرتا ہے۔ اس کو دوائیوں سے کنڑول کرتا ہے، جڑ سے ختم نہیں کرتا۔

جو طرز زندگی تبدیل کرنے سے میں علاج بتا رہا ہوں وہ تمام بیماریوں کو جڑ سے ختم کر دے گا۔ یہی اس نئی دریافت کا کمال ہے۔ اسی لئے ڈرگ انڈسٹری اور اس سے جڑے ہوئے تمام ڈاکٹر صاحبان پریشان ہیں اور اس کی کھل کر مخالفت کر رہے ہیں۔

دوسرا المیہ یہ ہے کہ پوری دنیا میں اس قانون کو مان لیا گیا ہے کہ اگر کوئی چیز زہر ثابت ہو جائے تو اس پر پابندی نہیں لگائی جاتی۔ اس کی مثال سگریٹ اور شراب ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ آپ لوگوں کو قائل کر لیں کہ وہ چھوڑ دیں، ہم پابندی نہیں لگا سکتے۔

اسی لئے کچھ نیک دل ڈاکٹر صاحبان اور باقی بھی کچھ لوگ اس کار خیر میں شامل ہو گئے ہیں کہ لوگوں کو یہ بات سمجھا دیں کہ یہ دوائیاں اور کھانے خطرناک ہیں، ان سے بچیں اور میں بھی یہی خدمت سرانجام دے رہا ہوں۔

تمام بیماریوں کی ماں

Lecture No. 208, 209, 298, 339, 340, 318, 412, 344

Metabolic Disorder	or	Insulin Resistance
Metabolic Syndrome	or	Fat Adaptation
Metabolic Flexibility		

لٰہذا اب میٹابولک صحت سب سے ضروری ہے اور اس کے لیے صحت مند جگر Liver سب سے ضروری ہے۔

Prof Robert Lustig کے مطابق 80-90 فیصد بیماریاں میٹابولک Metabolic Disorder سے ہوتی ہیں اور امریکہ میں 75 فیصد ہیلتھ کا بجٹ ان پر خرچ ہوتا ہے۔ یہ ہزاروں ارب ڈالر ہیں۔

ہمارا مقصد صرف یہ ہے کہ ہم اپنے نظام ہضم کو صحت مند بنائیں۔(Metabolic Health)
اس کے لیے ہمیں ایندھن کے لیے صاف اور صحت مند ایندھن استعمال کرنا ہوگا یعنی Fat یا (Ketone)
جیسے گاڑی کے لیے ہائی آکٹین ہوتا ہے۔(Video No. 13, 16, 19)
میٹابولک صحت کو آسان زبان میں نظام ہاضمہ ہے یعنی ہم جو خوراک کھاتے ہیں وہ ہمارے جسم میں جا کر انرجی بھی کیلوری یا ATP میں کیسے تبدیل ہوتی ہے تاکہ ہمارا جسم کام کر سکے۔

پہلے حصے کا خلاصہ

Summary of Part 1

جتنی بھی بیماریوں کا میں نے ذکر کیا ہے اور جو باقی رہ گئی ہیں آسانی کے لئے میری درخواست ہے صرف حادثے اور ایمرجنسی کے علاوہ آپ تمام بیماریوں میں ایک دفعہ 3 مہینے کے لئے ڈائٹ پلان ضرور ٹرائی کریں۔

خاص کر Auto Immune And Cancer سے بچاؤ کے لئے۔ مطلب کہ کینسر نہ ہو جائے، ورنہ ختم کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ 90 فیصد تک آپ ان سے بچ سکتے ہیں۔

اب میں اگلے حصے میں ڈائٹ، فاسٹنگ، ورزش اور سپلیمنٹ کے بارے میں بتاؤں گا۔ صرف اپنا طرزِ زندگی تبدیل کر لیں۔ زمانے کے ساتھ طرزِ زندگی تبدیل کرنا ضروری ہے۔

خلاصہ

جیسے کہ میں نے کہا کہ حادثات اور ایمرجنسی یعنی ہارٹ اٹیک، سٹروک، بے ہوش ہو جانا، ان سب میں آپ کو فوری طور پر ہسپتال جانا ہو گا اور یہ ضرورت ہمیشہ رہے گی۔ مستقبل میں انشااللہ میرا خیال ہے سارا بجٹ ایمرجنسی شعبہ کو بہتر بنانے میں لگانا چاہیے۔ باقی تمام بیماریوں کا علاج طرزِ زندگی تبدیل کرنے سے ہو جائے گا۔ ضروری سرجری ہمیشہ پہلا علاج ہو گا۔ جیسے ہرنیا، گردے، پتے کی پتھری اور کینسر وغیرہ۔

ان سب سے بچا جا سکتا ہے۔ پتے کی پتھری اگر کیٹو ڈائٹ کریں تو تقریباً ختم ہو جائے گی۔ صرف 3

چیزیں یاد رکھیں۔

1. فیکٹری اور بازاری کھانے نہیں کھانے۔
2. اناج اور کاربوہائیڈریٹ نہیں کھانا۔
3. صرف دو کھانے کھانے ہیں اور 16 گھنٹے فاسٹنگ کریں۔
4. ورزش خاص کر ویٹ ٹریننگ۔

اب تک کی تمام باتوں کا خلاصہ کروں تو شوگر یعنی گلوکوز کاربوہائیڈریٹ (اناج، چینی) کھانے سے انسولین بڑھتی ہے۔

انسولین سوزش کرتی ہے اور شوگر کو کولیسٹرال اور Triglyceride میں تبدیل کر دیتی ہے۔ انسولین چکنائی کو ایندھن کے لئے کبھی استعمال نہیں ہونے دے گی۔ لہٰذا وزن بڑھے گا، خاص کر فیٹی لیور اور پیٹ کی چربی Viseral Fat پھر یہ بیماریوں کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ کیوں کہ اس میں 15 سے 20 سال لگتے ہیں۔ لہٰذا کسی کو آگاہی نہیں ہوتی علامات اور خون کے ٹیسٹ بھی بہت دیر سے ظاہر ہوتے ہیں۔ جیسے چیزیں پیدا ہوتی ہیں انھیں ویسے ہی کھائیں، جیسے سیب انار، مالٹا، ان کو اصلی حالت میں کھائیں۔ ان کا جوس جب نکالیں گے اب آپ نے ان کی اصل شکل تبدیل کر دی ایسے ہی باقی چیزوں کو بھی سمجھیں۔

Fast food or Process food میں وہ سب تبدیل کر کے اور کیمیکل ڈال کر صرف شکل اور ذائقہ بنا کر وہ آپ کو کھلاتے ہیں۔ صحت مند اجزاء کا اس میں بالکل حصہ نہیں ہوتا۔

اس میں میدہ، چینی، کھانے کا تیل اور باقی سب کیمیکل ہوتے ہیں۔ وہ وٹامن وہ ڈالتے ہیں جو فیکٹری میں مکئی سے بناتے ہیں، لہذا وہ زیادہ خطرناک ہوتے ہیں۔ ہمارا جسم کیمیکل کو ہضم کرنے کے لئے بہت محنت کرتا ہے اور ہمارے جسم کے بہت سے سیل خاص کر جگر تباہ ہو جاتے ہیں۔

حصہ دومؔ

Part 2

لوکارب یا کیٹو ڈائٹ کے فائدے 2025

یہ سب سوزش (Imflammtion) کم کرنے سے ہوتا ہے۔

1.	شوگر ٹائپ 2،	90فیصد	دوائیاں ختم
2.	بلڈ پریشر	95فیصد	دوائیاں ختم
3.	معدے اور آنتوں کی بیماریاں	95-90فیصد	دوائیاں اور بیماری ختم
4.	جوڑوں کا درد (Osteoarthiritis)	95فیصد	دوائیاں ختم اور درد ختم
5.	عورتوں میں پی سی او (PCOS)	100فیصد	شفا
6.	Pregnancy Rate	80فیصد	حمل ٹھہرا
7.	مردانہ کمزوری	95فیصد	بہتر ہوا
8.	مردانہ بانجھ پن	85فیصد	سپرم بہتر ہو گئے
9.	Autoimmune Disease	80فیصد	5Remmision سال تک
10.	دماغی کمزوری	90فیصد	ختم
11.	کینسر	95فیصد	اگر ہونے سے پہلے شروع کریں تو نہیں ہو گا
12.	مکمل ہر طرح سے صحت مند ہونا	75فیصد	تمام بیماریاں ختم، دوائیاں ختم

ابھی 2025 میں تقریباً 3000 ڈاکٹر اس پر ریسرچ کر رہے ہیں۔

کیٹو ڈائٹ شروع کرنے سے پہلے کون سے ٹیسٹ ضروری ہیں

جنکی عمر 35 سال سے کم ہے اور ان کو شوگر نہیں ہے وہ صرف

CBC
ESR
Triglyceride
HDL
Creatinine
Urine R/E

یہ ٹیسٹ کروا کر شروع کر دیں۔

عمر 35 سے 40 سال اور ٹائپ 2 شوگر ہو یا بلڈ پریشر ہو تو وہ مندرجہ ذیل ٹیسٹ ضرور کروائیں۔

1. Homa-IR Or C-Peptide and Blod Sugar (Fasting)

یہ دونوں ٹیسٹ اکٹھے کروانے ہیں۔

2. Triglyceride, HDL
3. CBC, ESR, C-RP
4. Creatinine with GFR
5. C.T. Angio or C.T. Calcium Score

اس کی وجہ یہ ہے کہ ان میں زیادہ لوگوں کی 70 فیصد سے زیادہ مریضوں میں دل کی شریانیں بند ہوتی ہیں۔

پچھلے 5 سالوں میں کچھ لوگوں نے جب کیٹو ڈائٹ شروع کی تو ان کو دل کا اٹیک ہوا اور ان کو سٹنٹ ڈالنے پڑے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ 35 سے 40 سال کے بعد جو لوگ 60 سے 70 فیصد کاربوہائیڈریٹ روزانہ کھاتے ہیں اور کوکنگ آئل استعمال کرتے ہیں ان کی دل کی شریانیں 70 فیصد سے زیادہ بند ہوتی ہیں۔ کیٹو شروع کرنے سے جو سٹریس آتا ہے یا کیٹو فلو کی وجہ سے جسم سے پانی نکلتا ہے تو خون گاڑھا ہو جاتا ہے اور وہ پانی پیتے نہیں تو ان کو کسی بھی وقت ہارٹ اٹیک ہو سکتا ہے اور ڈاکٹر صاحبان یہ سارا ملبہ کیٹو ڈائٹ پر ڈال کر مریضوں کو ڈراتے ہیں۔ لہٰذا جن کی عمر 40 سال ہے اور ان کو ٹائپ 2 شوگر ہے یا ٹائپ 1 ہے وہ سب شروع کرنے سے پہلے یہ ٹیسٹ ضرور کروائیں۔

50 سال کے بعد سب کو یہ ٹیسٹ ضرور کروانے چاہیئں۔

1. C-Peptide (12hourfasting)bloodsugar
2. Triglyceride + HDL
3. Serum Creatinine
4. C-RP
5. CBC
6. C.T. Calcium Score or C.T. Angiography
7. Vit D3 in blood
8. HBA1C

کیٹوڈائیٹ (Keto) کیسے شروع کریں؟

اور

کھانے میں کیا کھائیں؟

یہ ڈائٹ شروع کرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے قانونِ تدریج کا مطالعہ ضرور کریں۔ ہمیشہ آہستہ آہستہ اپنے ٹارگٹ یعنی منزل پر پہنچیں۔ میرے تجربے کے مطابق سب سے پہلے

1. آپ اپنی خوراک سے کارب یعنی اناج، روٹی، چاول، جوس بوتلیں آدھی کر دیں۔ مثال کے طور پر اگر 3 روٹی کھاتے ہیں تو ڈیڑھ کر دیں۔ چاول بالکل چھوڑ دیں۔ جوس، بوتلیں، میٹھائیاں اور بیکری کم کر دیں۔ دو ہفتے تک اسی پر قائم رہیں۔

٢. تیسرے ہفتے روٹی صرف ایک کر دیں اور وہ بھی صبح ناشتے میں کھائیں۔ 3 بجے کے بعد اناج یا کاربوہائیڈریٹ بالکل نہ کھائیں۔ دو ہفتے تک اس پر عمل کریں۔

3. آپ ایک مہینے کے بعد صرف ناشتہ کریں اور سورج غروب ہونے سے 1 گھنٹہ پہلے دوسرا کھانا کھالیں۔ (ناشتہ میں کیا کھانا مزید تفصیل آگے دیکھیں)

4. باقی سب آپ چھوڑ چکے ہوں گے۔ اب آپ روٹی بھی چھوڑ دیں۔

ڈائٹ پلان ایک مہینے کے بعد

صبح سب سے پہلے نماز پڑھنے کے بعد ڈیڑھ لیٹر پانی میں چھوٹا چمچ پنک ہمالین سالٹ اور ایک لیموں

ڈال لیں اور یہ پانی رات کو بنا کر اس میں ایک چھوٹا ٹکڑا ادرک اور دو لونگ پیس کر ساری رات پڑا رہنے دیں۔ صبح اٹھ کر ایک گلاس پی لیں۔ پھر صبح 45 منٹ سے 60 منٹ واک کریں، یوگا بھی کر سکتے ہیں۔ اس کے بعد ایک گلاس پانی پی لیں۔

ناشتہ

1. 3 یا 4 انڈے جیسے آپ کو پسند ہوں۔ آملیٹ، فرائی، (اگر وزن کنٹرول کرنا یا بڑھانا ہے) دیسی گھی یا چربی میں پکا لیں۔ اگر وزن کم کرنا ہے تو بوائل کر لیں یا پانی میں پکا لیں۔(Poach-Egg)
2. بڑے گوشت کے دو کباب کھا لیں۔
3. چائے ملائی والی یا قہوہ پی لیں۔ یہ ناشتہ مکمل ہو گیا۔

اب دوسرے کھانے تک اگر بھوک لگے تو سبز پتوں والی سلاد، کھیرا، گاجر، مولی، سبز قہوہ، چار سے پانچ اخروٹ، پستہ، بادام اور نمک والا پانی پی سکتے ہیں۔

ویٹ ٹریننگ

دوسرے کھانے سے پہلے ویٹ ٹریننگ کر لیں۔اس کے بعد دوسرا کھانا کھائیں۔ یہ ہر حال میں شام سے پہلے کھانا ہے۔

دوسرا کھانا

سلاد آدھا کلو، اگر بھوک زیادہ ہے تو زیادہ بھی لے سکتے ہیں۔ بیل کا گوشت، دنبے کا یا بکرے کا گوشت سب سے بہتر ہے۔

کیٹو کباب بنانے کے ترکیب

- ایک کلو بیل کا قیمہ
- 100سے150 گرام بیل کی کلیجی
- 100 گرام چربی یا گھی
- آدھا کلو پیاز
- 4سے6 ٹکڑے لہسن اور 25 گرام تک کوٹا ہوا ادرک
- ان سب کو بوائل کر لیں۔

ان کو گرینڈ کر لیں اور ان میں 3 سے 4 انڈے یا دو چمچ مکئ کا آٹا ڈالیں اور کباب بنا کر فریج میں رکھ لیں۔ 3 یا4 عدد چربی یا گھی میں فرائی کر کے کھالیں۔ اگر وزن کم ہے اور آپ بڑھانا چاہتے ہیں تو50 گرام چربی یا مکھن بھی ساتھ کھالیں۔ یہ سب آپ نے سونے سے 4 گھنٹے پہلے کھانا ہے۔ 9 بجے لائٹ بند کر دیں اور سو جائیں۔

خلاصہ

آپ یہ لو کارب ڈائٹ 3 مہینے تک کریں 1 ہفتے صبح واک، شام کو 15 سے 20 منٹ باڈی بلڈ نگ ہفتے میں 3 دن،اور 7 سے 9 گھنٹے نیند۔

3 مہینے تک اگر آپ اس پر عمل کریں تو

1. ٹائپ 2 شوگر والے مریضوں کی تمام دوائیاں چھوٹ جائیں گی۔
2. بلڈ پریشر، 90 فیصد مریضوں کی دوائی ختم ہو جائے گی۔
3. جوڑوں سے درد 90 فیصد ٹھیک ہو جائے گا۔
4. 10 کلو تک وزن کم ہو جائے گا۔
5. جلد کی 80 فیصد بیماریاں ٹھیک ہو جائیں گی۔
6. ہاضمہ 90 فیصد بہتر ہو جائے گا اور قبض نہیں ہو گی۔

سب سے ضروری پہلے دن جب آپ نے روٹی کم کرنی شروع کی تھی آپ Vit D3 اور Vit-K2 ضرور شروع کرنے ہیں۔

CAP SUNNY D 200000I.U.

ہر 15 دن کے بعد ایک کیپسول ناشتہ کے ساتھ، مہینے میں 2 کیپسول

CAP SUNNY D PRO (Vit D3 + K2)

ایک کیپسول روزانہ ناشتہ کے ساتھ

لوکارب ڈائٹ چارٹ (50-60 گرام کارب روزانہ)

Low Carb Diet Chart 50 to 60 Gram Carb Daily

Lecture No. 5, 16, 22

1. صبح نماز کے بعد نمک، لیموں، ادرک والا پانی پی لیں۔

طریقہ

- رات کو ڈیڑھ لیٹر پانی میں ایک انچ ادرک ٹکڑا، یا مولی کش کر کے پانی میں ڈال دیں۔
- ایک عدد لیموں کا رس
- ایک چائے کا چمچ پنک ہمالین سالٹ

یہ سب رات کو یہ بنا کر رکھ دیں۔ سردیوں میں گرم پانی اور گرمیوں میں تازہ پانی استعمال کریں۔

2. ایک گھنٹہ واک کریں۔ پی ٹی یا یوگا کریں (7 روز، 5 سے 10 منٹ)۔ پھر ناشتہ، 3 سے 5 انڈے، فرائی یا آملیٹ (پیاز، ادرک، لہسن) یا بوئل۔
3. 100 گرام دہی یا لسی نمک ڈال کر پی لیں۔ دودھ یا ملائی والی چائے ایک کپ پی سکتے ہیں۔ پھر دوسرے کھانے تک آپ ایک چھوٹا پھل بھی لے سکتے ہیں۔ سلاد، اخروٹ، قہوہ پی سکتے ہیں۔ ہفتے میں دو دن 100 گرام دالیں، چنے، لوبیا لے سکتے ہیں۔
4. دوسرا کھانا کھانے سے پہلے ویٹ ٹریننگ کر لیں۔ کھانا ہر حال میں سورج غروب ہونے سے پہلے کھانا ہے۔ اس میں آپ گوشت مرغی یا انڈے کھا سکتے ہیں۔ شام کے کھانے میں کارب بالکل نہیں لینے۔ اگر چاہیں تو 20 سے 25 منٹ واک کر سکتے ہیں۔ (کھانے کے بعد)

5. 9 بجے کے بعد لائٹ بند کریں اور سو جائیں۔ سونے سے پہلے سانس کی مشق 3 سے 5 منٹ کر لیں۔اس سے بہترین اور گہری نیند آئے گی۔

نوٹ:

اب جن مریضوں کو زیادہ فائدہ نہیں ہوا وہ تین مہینے بعد کیٹوڈائٹ شروع کریں۔

Keto Diet کیٹوڈائٹ

Lecture No. 39, 251, 275, Video No. 10

یہ اس صدی کی سب سے بہترین ڈائٹ مانی گئی ہے۔

1. اس میں کاربوہائیڈریٹ صرف 20 گرام لینے ہیں اور وہ صرف سبزیاں ، فروٹ ، اخروٹ وغیرہ سے۔اس میں اناج بالکل نہیں لینا۔

2. پروٹین (Protein) 20 سے 25 فیصد یعنی ایک گرام پروٹین اپنے ایک کلو گرام وزن کے برابر۔ مطلب اگر آپکا وزن 80 کلو ہے تو 80 گرام پروٹین لینی ہے۔ سب سے بہترین پروٹین انڈے ، بیل کا گوشت ، دنبے کا گوشت ، بکرے کا گوشت ، اونٹ کا گوشت ، دیسی مرغی کا گوشت۔(جو لوگ قوت خرید نہیں رکھتے وہ برائیلر کا گوشت استعمال کر سکتے ہیں۔)

3. 70 فیصد چکنائی لینی ہے۔ جیسے دنبے کی چربی، بیل کی چربی، بکرے کی چربی،اونٹ کی چربی،دیسی گھی یا مکھن، یاناریل کا تیل۔ یہ کم از کم 100 سے 150 گرام روزانہ لینی ہے۔

آسان اور سستا طریقہ یہ ہے

1 کلو بیل کا قیمہ لیں۔ 250 گرام بیل کی کلیجی، دو یا تین انڈے، آدھا کلو پیاز، 25 گرام ادرک، 5

سے 7 لہسن۔ ان سب کو ابال کر گرینڈ کر لیں اور کباب بنالیں۔ یہ کباب ناشتہ میں چربی یا دیسی گھی یا ناریل کے تیل میں 3 سے 4 منٹ فرائی کر لیں۔ ناشتہ میں 4 سے 5 انڈے اور 2 یا 3 کباب کھالیں۔ یہ کباب ناشتہ میں چربی یا دیسی گھی یا ناریل کے تیل میں 3 سے 4 منٹ فرائی کر لیں۔

ناشتہ میں 3 سے 5 انڈے اور 2 یا 3 کباب کھالیں اور قہوہ پی لیں یا ملائی والی چائے یا ایم سی ٹی (MCT Oil) ایک چمچ چائے یا کافی میں ڈال کر لے سکتے ہیں۔

دوسرے کھانے سے پہلے ویٹ ٹریننگ کریں اور 4 یا 5 کباب، 50 گرام مکھن، چربی یا گھی کے ساتھ کھائیں۔

نوٹ:

6 مہینے بعد جو لوگ ٹھیک نا ہوں وہ اب دنیا کی بہترین ڈائیٹ یعنی کارنیور ڈائیٹ شروع کر سکتے ہیں۔

کارنیور ڈائٹ Carnivore Diet

زیرو کارب ڈائیٹ

Lecture No. 190, 400, 404, 421

صرف 10 فیصد لوگ ہوں گے جن کو پہلی دونوں ڈائٹ (کیٹو اور لو کارب ڈائٹ) سے فائدہ نہ ہو گا۔

مندرجہ ذیل مریض یہ ڈائٹ شروع کر سکتے ہیں۔

1. تمام آٹو ایمون بیماریوں والے
2. تمام کینسر کے مریض
3. وہ تمام مریض جن کو فائدہ نہیں ہوا یا کم ہوا
4. جن کو ہاضمہ یا آنتوں کی بیماریاں ہیں
5. جو لوگ صحت کے بارے میں بہت حساس ہیں
6. تمام 50 سال سے زائد افراد جو بڑھاپا سکون اور دردوں کے بغیر گزارنا چاہتے ہیں

جانوروں سے خوراک لینا (Carnivore Diet)

اس کا مطلب ہے تمام پالتو جانوروں کا گوشت، کلیجی، دل، گردے، مغز اور ہڈیوں کا شوربہ (بون براتھ)۔

سب سے پہلے اگر چرنے والے جانور ہیں مطلب 8 سے 10 گھنٹے دھوپ میں چرنے والے جانور ہوں، گھاس اور جڑی بوٹیاں کھاتے ہوں، تو ان میں دنبہ (Lamb) کا گوشت چربی کے ساتھ، بہترین ہے۔

خاص کر بچوں اور عورتوں کے لئے۔

- پھر بیل کا گوشت اور چربی نوجوانوں کے لئے
- پھر اونٹ کا گوشت اور چربی نوجوانوں کے لئے
- پھر بکرے کا گوشت اور چربی نوجوانوں کے لئے
- پھر مرغے کا گوشت جلد کے ساتھ نوجوانوں کے لئے
- بیل اور دنبے کی ہڈیوں کا شوربہ (بون برآتھ)

انڈے اور دیسی گھی بھی اس میں شامل کر سکتے ہیں۔ پھر 3 سے 6 مہینے کے بعد سبز قہوہ بھی اس میں شامل کر سکتے ہیں۔

اس ڈائٹ میں آپ کو کیلوری چیک کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔ جب پیٹ بھر جائے تو کھانا بند کر دیں۔ شرط یہ ہے کہ ایک حصہ گوشت اور دو حصے چربی ہو گی۔ مطلب آپ نے 300 گرام گوشت (60 گرام پروٹین) لی ہے تو 120 گرام چربی ساتھ ضرور لیں۔

Protein	Ratio	Fat
1	:	2
60gm	:	120gm

کیلوری کے حساب سے 60 گرام پروٹین 240 کیلوری اور 1180 کیلوری چربی سے ہوں گی۔

چربی کے بغیر صرف گوشت کھانا نقصان دہ ہے۔ یہ ہمیشہ یاد رکھیں 5 فیصد کارب، 20 فیصد پروٹین اور 75 فیصد فیٹ کیٹو میں اور کارنیور ڈائٹ میں صرف پروٹین اور فیٹ ہو گا۔ 75 فیصد فیٹ، 25 فیصد پروٹین اور کارب زیرو ہو گا۔ اس لئے اس کو زیرو کارب ڈائٹ بھی کہتے ہیں۔

خلاصہ

1. بتائے گئے جانوروں کا گوشت اور ان کے اعضاء جیسے کلیجی، پائے، دل، گردے، مغز، بھی کھا سکتے ہیں۔
2. گوشت ہمیشہ نر جانور کا کھائیں۔ جیسے دنبہ، بیل، بکرا، مرغا، اونٹ۔

3. کھانا دو مرتبہ ہی کھانا ہے۔ فاسٹنگ اگر کریں گے بہت فائدہ ہو گا۔ (ضروری نہیں)
4. ورزش ضرور کرنی ہے۔
5. اگر بھوک نہ ہو تو دوسرا کھانا نہ کھائیں یا کم کھائیں۔
6. اگر اس پر ایسے ہی عمل کریں گے تو آپ کو وٹامن ڈی 3، 5000 یونٹ اور وٹامن K2 100mcg روزانہ لینے ہوں گے۔
7. جب بھی آپ محسوس کریں آپ دوبارہ کیٹو یا لو کارب ڈائٹ کر سکتے ہیں۔ (لیکچر نمبر 480)
8. ساری زندگی آپ انہی 3 ڈائٹ پر رہیں گے تو آپ ڈاکٹر، دوائی اور بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔

اس ڈائٹ کے بعد انشاءاللہ 90 سے 95 فیصد تک بیماریوں سے بچ جائیں گے۔

اللہ تعالیٰ کے قانونِ تدریج کو سمجھیں

ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہم اپنے مالک کی ہدایت پر بھی عمل نہیں کرتے۔ میرے دوست کے مطابق قرآن میں اللہ تعالیٰ بار بار فرماتا ہے:

- تم غور نہیں کرتے
- تم عقل سے کام کیوں نہیں لیتے
- غور کرنے والوں کے لئے اس میں نشانی ہیں
- عقل مندوں کے لئے نشانیاں ہیں

اور ہم آنکھیں بند کر کے اس کتاب کو پڑھتے ہیں۔

سب سے ضروری قانون (قانونِ تدریج) ہے

یعنی ہر کام آہستہ آہستہ کریں، صبر کریں، غور کریں، جیسے ایک قطرہ آب رحم مادر میں ٹپکا دیا جاتا ہے اور نو مہینوں کے بعد ایک جیتا جاگتا بچہ آپ کی گود میں آ جاتا ہے۔ پھر اس کے بعد بھی 16 سے 18 سال تک وہ ایک جوان بنتا ہے۔ آج کل تعلیم مکمل کرنے میں 25 سال لگتے ہیں۔

سورج، چاند، موسم، درخت، پودے تمام آہستہ آہستہ اپنی منزل کی طرف جاتے ہیں۔ ایک بیج سے تناور درخت، ایک پھول سے پھل، یہ سب تدریج کا قانون ہے۔ اس لئے آپ آہستہ آہستہ عمل شروع کریں۔ جلدی کا فلسفہ چھوڑ دیں، یہ سب سے بڑا دھوکہ ہے۔ صبر اور استقامت کے ساتھ لگے رہیں۔

صحت مند طرز زندگی کے اصول یاد رکھیں

1. اناج، چینی، کھانے کا تیل بلکل چھوڑ دیں یا کم کر دیں ۔
2. صرف دو کھانے کھائیں۔ دوسرا کھانا دن کی روشنی میں کھالیں۔
3. کھانوں کے درمیان پانی، قہوہ، سبز پتوں والی سبزیاں مولی، گاجر، کھیرا، اخروٹ یا بادام کھائیں۔
4. صبح سب سے پہلے واک کریں یا یوگا اور دوسرے کھانے سے پہلے ویٹ ٹریننگ کریں۔
5. رات سونے سے 4 سے 5 گھنٹے پہلے کھانا کھالیں۔
6. 9 بجے ہر حال میں سو جائیں (7 سے 9) گھنٹے ضرور نیند لیں۔
7. فیکٹری، بیکری اور بازاری کھانے بالکل نہ کھائیں۔
8. ہفتے میں دو دن روزہ ضرور رکھیں۔

ان سب کا مقصد آپ کے مدافعاتی نظام کو صحت مند کرنا ہے اور پھر یہ نظام تمام بیماریاں کو خود ختم کر دے گا۔

Improve Your Innune System

آٹو فیجی کیا ہے؟ Autophagy

Lecture No. 6, 30, 295, 386

2016 میں جاپان کے سائنسدان Yoshinori Ohsumi آٹو فیجی کو نوبل پرائز ملا تھا۔ آٹو فیجی ایک حیاتیاتی عمل ہے جس میں ہمارے جسم کے خلیے (Stem Cell) اپنے غیر ضروری یا خراب شدہ اجزاء کو توڑ کر دوبارہ استعمال کرتے ہیں۔ اس سے جسم کی صفائی اور ری سائیکلنگ (Recycling) کا کام ہوتا ہے۔ آٹو فیجی یونانی الفاظ آٹو (خود) اور فیجی (کھانا) یعنی خود کو کھانا۔ اس کے علاوہ یہ بیماریاں پیدا کرنے والے جراثیم اور وائرس اور فنگس کا خاتمہ کرتا ہے۔ اس سے الزائیمر اور پارکنسن اور کینسر جیسی بیماریوں میں بھی فائدہ ہے۔

آٹو فیجی کے لئے آپ نے

1. روزہ رکھنا ہے یا واٹر فاسٹ کرنا ہے۔ روزہ 3 گنا زیادہ تیزی سے عمل کرتا ہے۔ واٹر فاسٹ میں آٹو فیجی کم از کم 18 گھنٹے بعد شروع ہوتی ہے۔
2. پروٹین بھی کم کرنا ہوتی ہے۔ صرف 20 یا 30 گرام روزانہ۔ کیوں کہ یہ جسم کے ختم ہونے والے خلیوں سے پروٹین لے کر استعمال کرتا ہے۔

خلاصہ

آٹوفیجی ہمارے جسم کا قدرتی حفاظتی نظام ہے جو خلیوں سے زہریلے مادوں کی صفائی کرتا ہے اور قوت مدافعت میں اضافہ کرتا ہے۔ روزہ، واٹر فاسٹ اور ورزش سے اس عمل کو متحرک کیا جاسکتا ہے۔ لو کارب یا کیٹو ڈائٹ کے بغیر یہ نہیں ہو سکتا۔ بہترین آٹو فیجی کے لئے آپ سیرت حضرت محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کا مطالعہ ضرور کریں۔ اب بھی اگر ہم ہر مہینے ہفتے میں دو روزے اور چاند کی 13، 14، 15 تاریخ کو روزہ رکھیں یعنی 11 روزے ہر مہینے رکھیں تو آپ بہت سی بیماریوں سے محفوظ رہ سکتے ہیں۔

آپ پراسیس فوڈ یعنی ڈبہ بند اور فیکٹری میں بنے کھانے بالکل نہ کھائیں۔ گندم، چاول، چینی بالکل نہیں یعنی لو کارب کیٹو کریں۔

Intermittent Fasting

Lecture No. 422, 481

طرز زندگی کا دوسرا بڑا اصول مطلب لو کارب کیٹو ڈائیٹ کے بعد فاسٹنگ ہے۔

واٹر فاسٹ کا مطلب ہے آپ صرف پانی یا قہوہ پی سکتے ہیں۔

اس کا مطلب ہے کہ دو کھانوں کے درمیان یا دوسرے کھانے کے بعد آپ کچھ نہیں کھائیں گے۔

1. آپ صرف پانی یا قہوہ پی سکتے ہیں۔
2. اگر آپ لو کارب ڈائٹ پر ہیں اور آپ نے اپنی بیماری ختم کر لی ہے۔ اب آپ اس دوران پانی کے علاوہ اخروٹ، بادام، کھجور یا انجیر (دو سے زیادہ نہیں) بون بر آتھ اور مکھن اگر بھوک لگے تو لے سکتے ہیں۔
3. سب سے بہتر یہ ہے کہ پہلے 3 سے 6 مہینے تک آپ صرف پانی یا قہوہ پی لیں۔
4. کارنیور ڈائٹ میں آپ چربی، مکھن، گھی یا ناریل کا تیل لے سکتے ہیں یا پانی، لیموں سالٹ واٹر یا سیب کا سرکہ اور صرف قہوہ پی سکتے ہیں۔

سب سے آسان فائدہ مند طریقہ یہ ہے کہ آپ شام 5 بجے دوسرا کھانا کھا لیں اور شام 6 بجے تک پانی پی لیں۔ اس کے کچھ نہ کھائیں نہ پیئں اور 9 بجے تک سو جائیں۔

صبح واک کے بعد ناشتہ کر لیں۔ یہ سب سے بہترین فاسٹ ہو گا اور نیند بھی گہری آئے گی۔ جیسا کہ یہ ثابت ہو گیا ہے کہ 3 بجے دن کے بعد کوئی کاربوہائیڈریٹ نہیں کھانا۔ دوسرے کھانے میں صرف پروٹین اور چکنائی کھائیں۔ ہمارے لئے بہتر یہ ہے کہ ہم ہر ہفتے دو روزے رکھیں سوموار اور جمعرات کو۔

ورزش Exercise

Lecture No. 7, 8, 84, 99, 125, 126, 182

یہ صحت مند طرزِ زندگی کا تیسرا اور سب سے ضروری اصول ہے۔ ورزش اب باقاعدہ ایک سائنس بن گئی ہے۔

پہلے زمانے میں جو مرد محنت کرتے تھے اور عورتیں گھروں کا کام کاج کرتی تھیں، ان کو کسی ورزش کی ضرورت نہیں تھی اور صحت مند رہتی تھیں۔ مگر اس تکلیف دہ ترقی نے ہمارے لئے بہت سے مسائل پیدا کر دیے ہیں۔ سارا دن کچھ نہ کچھ کھاتے رہنا(Snacking)اور کوئی کام نہ کرنا، اس وجہ سے تمام بیماریاں پیدا ہوتی ہیں۔

ورزش کی دو بڑی قسمیں ہیں:

ایروبک Aerobic

این ایروبک Anaerobic

ایروبک Aerobic

اس کا مطلب ہے آکسیجن کی کمی نہ ہو، آپ کو سانس نہ چڑھے، اگر دو آدمی واک کرتے ہیں تو وہ آرام سے باتیں کر سکیں۔ اس میں زیادہ تر چکنائی استعمال ہو گی اور چربی کم ہو گی۔

این ایروبک Anaerobic

اس کا مطلب ہے آپ تیز ورزش کر رہے ہیں مگر آکسیجن کم مل رہی ہے، جس کی کمی کو پورا کرنے کے

لئے سانس کی رفتار بڑھ جاتی ہے اور آپ بات نہیں کر سکتے۔''اس میں ہمیشہ گلوکوز استعمال ہوتی ہے''۔

جیسے تیز دوڑنا، سائیکل تیز چلانا، تیز جوگنگ کرنا مطلب وہ ورزش جس سے سانس بہت زیادہ پھول جائے اور آپ بات نا کر سکیں۔

اب یہ ثابت ہو گیا ہے کہ جو لوگ آفس کا کام کرتے ہیں یعنی دفتر میں بیٹھے رہتے ہیں ان کے پٹھے کمزور ہو جاتے ہیں۔ مشہور کہاوت ہے۔

“Use it or lose it”

اگر پٹھوں کو استعمال نہیں کریں گے تو یہ کمزور ہو جائیں گے۔

1. پٹھوں کی طاقت کے لئے سب سے بہترین ورزش ویٹ ٹریننگ ہے۔ دوسرے نمبر پر muscle stretching ہے۔ یوگا بھی ہے۔ ہفتے میں 3 دن 10 سے 15 منٹ ویٹ ٹریننگ ضرور کریں۔
2. واک، یہ دل کی صحت کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔

ورزش کے فائدے Banifet of Excercise

1. جسم میں خون کی گردش تیز ہوتی ہے۔ خون سارے جسم میں خوراک، وٹامن اور آکسیجن لے کر جاتا ہے۔ فاضل مادے اور کاربن ڈائی آکسائیڈ واپس لے کر آتا ہے جس سے جسم صحت مند ہوتا ہے اور صفائی ہو جاتی ہے۔
2. ہاضمہ کے لئے بہت فائدہ مند ہے۔ آنتوں سے کھانا آگے بڑھتا ہے اور قبض ختم ہو جاتی ہے۔
3. اگر aerobic ورزش کریں گے تو جسم سے چربی کم ہو گی (یہ سب سے کم فائدہ ہے)۔
4. ہڈیوں کی صحت کے لئے ان پر وزن ڈالنا بہت ضروری ہے۔ چلنے سے، ویٹ ٹریننگ سے ہڈیاں مظبوط ہوتی ہیں۔
5. آکسیجن زیادہ ملتی ہے۔ جو دماغی صحت کے لئے بہت ضروری ہے۔

یہ بڑے بڑے فائدے ہیں۔

ورزش کا بہترین وقت کونسا ہے؟

سب سے بہتر وقت ہمیشہ صبح خالی پیٹ واک اور یوگا کریں۔ صبح نماز کے بعد 1 گھنٹہ واک کریں اور پھر 10 منٹ تک یوگا کریں۔

ویٹ ٹریننگ دوسرے کھانے سے پہلے کریں اور واک کے کم از کم 4 سے 6 گھنٹے کے بعد ویٹ ٹریننگ کرنا بہترین ہے۔اس کے بعد آپ دوسرا کھانا جو صرف پروٹین اور چکنائی پر مشتمل ہوگا کھالیں۔

خلاصہ

- ورزش ہمیشہ خالی پیٹ کریں۔ لیموں سالٹ پانی لیں۔
- واک اور یوگا صبح کے وقت بہتر ہے۔
- ویٹ ٹریننگ دوسرے کھانے سے پہلے کرلیں پھر کھانا کھائیں۔

صبح 1 گھنٹہ واک کریں(Aerobic)10 منٹ یوگا یا پی ٹی کریں۔5 دن ہفتے میں نوجوان 6 دن بھی کرسکتے ہیں۔3 یا 4 بجے ویٹ ٹریننگ کریں۔10 سے 15 منٹ ہفتے میں 3 دن۔

سانس کی ورزش (Breathing Exercise)

Lecture No. 45, 149, 458

صحت مند طرزِ زندگی کا چوتھا نیا اصول سانس کی ورزش ہے۔

یہ بالکل نئی دریافت ہے۔اس بارے میں اوپر دیئے گئے لیکچر نمبر ضرور سنیں۔ ہم سب غلط طریقے سے سانس لیتے ہیں۔ میں مختصر بتادوں:

1. سانس ہمیشہ ناک سے لینا ہے۔4 سے 5 سیکنڈ تک۔
2. ناک سے ہی نکالیں 5 سے 6 سیکنڈ تک مطلب باہر نکلنے کا وقت زیادہ ہونا چاہیے۔ شروع میں آپ منہ سے بھی نکال لیں۔ مگر اندر ہمیشہ ناک سے لیں۔
3. آہستہ آہستہ، پھر آپ جب سانس ناک سے اندر لیں تو آپ اس کو روک لیں پہلے 5 سیکنڈ تک اور آہستہ آہستہ اس کو بڑھاتے جائیں۔ اگر آپ 1 منٹ تک سانس روک سکتے ہیں تو آپ کو دمہ (Asthma) بالکل نہیں ہوگا اور اگر ہے تو بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔
4. رات کو سونے سے پہلے صرف 5 منٹ یہ مشق کریں۔اس سے بلڈ پریشر بھی کم ہوگا اور گہری نیند بھی آئے گی۔

بچوں کو بھی ابھی سے سانس لینے کا طریقہ سکھائیں۔ طریقہ اور تفصیل آپ کو میرے لیکچر میں مل جائے گی۔ یہ آسان طریقہ اگر آپ کی زندگی کا معمول بن گیا تو آپ حیران ہونگے کہ اس کے فائدے ہی فائدے ہیں۔

Always breath through Nose

ہمیشہ ناک سے سانس اندر لیں اور ناک ہی سے باہر نکالیں

سپلیمنٹ(Supplemen)کیوں ضروری ہیں؟

Lecture No. 429, 357

پچھلے 60 سال سے GMO بیج اور زیادہ سپرے اور قدرتی کھاد استعمال نہ کرنے کی وجہ سے وٹامن اور منرل کی کمی ہوئی ہے۔

دوسرا فیکٹری میں کھانا بنانے کے عمل میں بہت سے زہریلے مادے استعمال کیا جاتے ہیں۔

تیسرا Ultra Process or Refine food کھانوں میں مصنوعی منرل اور وٹامن شامل کیے جاتے ہیں جو بہت نقصان دہ ہیں۔ لہٰذا قدرتی طریقے سے حاصل کیے ہوئے وٹامن اور منرل کھانے ضروری ہیں۔

کن لوگوں کو سپلیمنٹ کی ضرورت نہیں؟

1. جو لوگ کھلی فضاء میں چرتے ہوئے جانور کا گوشت، چربی، گھی، مکھن استعمال کرتے ہیں اور دیسی کھاد سے سپرے کے بغیر سبزیاں اور پھل اگاتے ہیں۔
2. وہ کم مقدار میں وٹامن (Vit D3, 5000 I.U. + Vit K2 100 mcg) روزانہ لے سکتے ہیں۔ یہ دونوں وٹامن خوراک میں بہت کم ہوتے ہیں۔ اگر ساری عمر لیں تو بہتر ہے۔ صرف مہینے میں 4 یا 5 دن کا وقفہ کر لیں تا کہ عادی نہ ہو جائیں۔
3. اگر سمندری خوراک یعنی مچھلی ہفتے میں 3 دن نہ کھائیں تو پھر آپ کو

2%Lugol'sIodine**(LectureNo420,421)**

6-8drops/glassofwater

6 سے 8 قطرے ایک کپ پانی میں ڈال کر روزانہ لے لیں۔ بچے اور حاملہ خواتین ضرور لیں۔

4. اومیگا 3 (Omega 3, DHA, EPA)، لیکچر نمبر (357، 429)، بچوں کو ہر حال میں دیں خاص کر لڑکیوں کو 1500 ملی گرام روزانہ ناشتہ کے ساتھ کھلائیں۔ بچوں کے لئے شربت بھی ہے۔

5. Magnesium Glycinate or Magnesium citrate

کیوں کہ آج کل میگنیشیم کھاد میں استعمال نہیں کرتے۔ لٰہذا تمام کھانوں میں اس کی مقدار بہت کم ہو گئی ہے۔ یہ 300 ملی گرام روزانہ دوپہر کے وقت لیں اگر آپ کیٹو یا کارنیور ڈائٹ پر ہیں۔ اور اگر آپ لو کارب ڈائٹ پر ہیں تو 500 ملی گرام روزانہ لیں۔

خلاصہ

لو کارب کیٹو ڈائٹ والے کم از کم 6 مہینے تک یہ سارے سپلیمنٹ ضرور لیں۔ اس کے بعد وٹامن (D3+K2) ساری عمر لیں۔

خون میں وٹامن D3 ہمیشہ 60ng/ml سے اوپر رکھیں۔اس کے لئے دولاکھ آئی یو والے کیپسول 15 دن کے بعد ضرور لیں۔اور Vitamin K2 100 mcg/daily۔

آٹوامیون اور کینسر Auto Immune and Cancer

آٹوامیون اور کینسر والے تمام مریض 5 سپلیمنٹ سارا سال لیں۔

1. ان کے لئے وٹامن d3، 20000 روزانہ لیں۔
2. وٹامن K2 200mcg روزانہ لیں۔
3. Omage3, 3000mg روزانہ لیں۔
4. Magnesium Glycinate 600mg لیکچر نمبر 493، روزانہ لیں۔اور کیٹوڈائٹ جاری رکھیں اور چیک اپ کرواتے رہیں۔

آخر میں مصنوعی (Synthetic) وٹامن بالکل استعمال نہ کریں۔دوسرا ملٹی وٹامن (Multivitmin) بہت بڑا فراڈ ہے اس سے بچیں۔یہ ہمارے جگر کو خراب کرتے ہیں۔

AGE'S (Advance Glycation END Products)کیوں خطرناک ہیں؟

Lecture No. 79

جب پروٹین اور چکنائی (گوشت اور انڈے) غلط طریقے سے پکائیں تو یہ خطرناک مادے بنتے ہیں اور تمام بیماریوں کی سب سے بڑی وجہ (Glycation) ہے۔ ہم غلط برتن اور غلط طریقے سے اچھے بھلے صحت مند کھانے کو زہریلا بنا دیتے ہیں۔ اس کے لئے سب سے پہلے صحیح برتن کا استعمال اور ہلکی درجہ حرارت پر پکانا۔

پکانے کا صحیح برتن

1. سب سے بہتر ہماری مٹی کی ہانڈی ہے۔ Mud Handi

2. دوسرے نمبر پر سٹین لیس سٹیل کی دیگچی۔ Stainless Steel

3. کاسٹ آئرن کی دیگچی یا فرائی پان۔ Cast Iron

4. سرامک یا شیشے کے برتن۔ Ceramic

5. سلور کے دیگچی۔ Silver

نون سٹک برتن کبھی استعمال نہ کریں (لیکچر نمبر 417) ان میں (NON STICK, TEFLON, PTFE, PFOA) جیسے یہ زہریلے کیمیکل استعمال ہوتے ہیں۔ جو ہمارے جگر، گردے خراب کرتے ہیں اور کینسر کی بڑی وجہ ہیں۔ آج کل لڑکیوں میں پی سی او کی بڑی وجہ یہی برتن اور پلاسٹک کے برتن کا استعمال ہے۔ آج کل سلیکون سپون اور سپیچلا (Spatula) استعمال ہو رہا ہے۔ یہ بہت خطرناک ہے۔ اس کی جگہ آپ لکڑی کی ڈوئی، تانبا یا لوہے کا چمچ استعمال کریں۔

کھانا کھانے کے برتن

کھانے کے لئے شیشے، سٹائن لیس سٹیل کے پلیٹس اور گلاس استعمال کریں۔ نون سٹک، پلاسٹک کی پلیٹس اور گلاس بالکل بند کر دیں۔

کھانا پکانے کا صحیح طریقہ

Healthy Cooking Methods

Lecture No. 450

(AGE'S) کو کم کرنے کے لئے

1. گوشت کو پکانے سے پہلے سرکہ یا لیموں لگا کر 2 سے 3 گھنٹے رکھ دیں۔ (Marinate with vinegar or lemon) اس سے 50 فیصد (AGE'S) کم ہو جاتے ہیں۔

2. ہمیشہ پانی میں یا بھاپ میں پکائیں۔ اس سے 80 فیصد (AGE'S) کم ہو جاتے ہیں جیسا کہ ہمارے ہاں شوربے والا سالن بناتے ہیں۔

3. ہمیشہ کم درجہ حرارت پر پکائیں۔ اگر پانی میں پکائیں گے تو درجہ حرارت (100c) سے کم رہے گا۔
4. اگر پکاتے ہوئے لہسن، ادرک، ہلدی، پیاز، پودینہ، دھنیہ، پارسلے، سیلری کا استعمال کریں تو یہ صحت مند ہیں۔

درج ذیل طریقوں سے کھانا کبھی نا پکائیں۔

1. فرائی کرنا (Deep Frying) 200c
2. روسٹ یا بروسٹ کرنا (Rost or Broast) 225c
3. ایئر فرائی (Air Fry) (230c) سب سے خطرناک ہے۔ تمام وٹامن اور پروٹین تباہ ہو جاتی ہے اور کینسر کی سب سے بڑی وجہ ہے۔
4. باربی کیو کرنا، آگ پر پکانا۔ یہ سب طریقے خطرناک ثابت ہو چکے ہیں۔
5. شوگر اور پروٹین اور چکنائی کو اکٹھا پکانا جیسے مٹھایاں، بیکری کی چیزیں، حلوہ جات، ان سب طریقوں سے (AGE'S) بہت بڑھ جاتے ہیں جو بیماریاں خاص کر کینسر کرتے ہیں۔ نوجوان لڑکیوں کو بالکل استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ (لیکچر نمبر 135، 451)

اینٹی غذائی اجزاء

Anti Nutrients

Lecture No. 257, 268

اناج (تمام دالیں، لوبیا، چنے، گندم، جوار، باجرہ)، سبزیاں اور فروٹ، ڈرائی فروٹ، بادام، اخروٹ، تمام بیج، ان سب میں ایسے عناصر پائے جاتے ہیں جو وٹامن اور منرل کو ہضم نہیں ہونے دیتے۔ جیسے کہ

فائٹک ایسڈ (Phytic Acid) (Phytate)

یہ گندم، لوبیا، دالوں، بادام اور اخروٹ میں پایا جاتا ہے۔ یہ آئرن اور زنک کو ہضم نہیں ہونے دیتا۔

آگسلیٹ (Oxalate)

یہ پالک، چقندر (Beet Root)، بادام، اخروٹ، تمام بیج، کافی اور چاکلیٹ میں پایا جاتا ہے۔

لکٹن (گلوٹین) (Lectin) (Gluten)

یہ اناج، گندم، دلوں اور لوبیا میں پایا جاتا ہے۔ آنتوں کی سوزش کی سب سے بڑی وجہ ہے۔ سب سے خطرناک گندم میں پایا جاتا ہے اس کو گلوٹین بھی کہتے ہیں۔ آٹوامیون (Auto Immune) بیماریوں کی بڑی وجہ ہے۔

ٹینن (Tannin)

یہ چائے، کافی میں پایا جاتا ہے اور پروٹین اور منرل کو ہضم نہیں ہونے دیتا۔ اسی لیے کم از کم دو گھنٹے

کھانے سے بعد چائے پئیں یا دو گھنٹے پہلے پئیں۔

خلاصہ

گوشت اور انڈے کبھی بھی ان کے ساتھ نہ کھائیں۔ یہ ان میں جو وٹامن، منرل اور پروٹین ہے ان کو 90 فیصد تک ضائع کر دیتے ہیں۔ دونوں کے درمیان کم از کم 2 سے 3 گھنٹے کا وقفہ ہونا چاہیے۔

اینٹی نیوٹرن کو کم کرنے کے لئے

1. ان کو 12 سے 14 گھنٹے پہلے گرم پانی میں بھگو دیں۔ اگر ایک چمچ سرکہ ڈال دیں تو بہت اچھا ہو گا۔
2. دالیں، لوبیا اور چنے ہمیشہ پریشر ککر میں پکائیں۔ اس سے یہ کم ہو جائیں گے۔
3. فرمنٹیشن (Fermntation) یہ سب سے پرانا اور بہترین طریقہ ہے۔ جیسے اچار بنا لیں اور آٹے کو خمیر کر لیں۔ اس سے لکٹن اور کاربوہائیڈریٹ کم ہو جائیں گے۔

فائبر اور قبض

Fiber and Constipation

Lecture No. 63, 401, 402

ہمارے یہاں سب سے بڑا مسئلہ قبض کا ہے۔ آپ جتنا مرضی لوگوں کو بتائیں کہ فائبر بھی کاربوہائیڈریٹ ہے اور یہ ہمارے جسم میں بالکل ہضم نہیں ہوتا۔ لہٰذا اس کو باہر نکلنا ہوتا ہے۔ فائبر کا ہمیں کوئی فائدہ نہیں اور یہ اب ثابت ہو گیا ہے۔

آنتوں کی تمام بیماریوں کی بڑی وجہ اناج، سبزیوں میں موجود antinutrients، oxalate، lectin، phytic acid ہیں۔

اگر آپ یہ چھوڑ دیں جیسا کہ کیٹو یا کارنیور ڈائٹ میں جس میں ہم زیرو کارب لیتے ہیں۔ آپ کی آنتوں کی تمام بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

اور سب سے ضروری آنتوں کی سوزش (Leaky Gut) کی بیماری تمام بیماریوں، آٹو ایمیوں اور کینسر کی بڑی وجہ ہے۔

نئی ریسرچ کے مطابق

1. فائبر ہمیشہ کاربوہائیڈریٹ کے ساتھ ہوتے ہیں۔ 25 گرام فائبر کے لئے آپ کو 100 گرام کاربوہائیڈریٹ کھانے پڑیں گے۔
2. فائبر سے صرف پاخانے کا حجم بڑھ جاتا ہے۔ قبض ختم کرنے میں کوئی فائدہ نہیں۔

3. اب ہم زیرو کارب اور زیرو فائبر کھا کر بھی زندہ رہ سکتے ہیں اور قبض بھی نہیں ہو گی۔

معدہ اور آنتوں کی صحت کے لئے

1. چکنائی خاص کر بیل، دنبے، بکرے اور اونٹ کی چربی بہترین ہے۔ جب آپ چکنائی کھائیں گے تو بائل (Bile) آئے گا اور بائل سے کبھی قبض نہیں ہوتی۔
2. ہمارے منہ سے لے کر چھوٹی آنت تک 8 لیٹر جوس بنتے ہیں اور 2 لیٹر ہم پانی پیتے ہیں۔ یہ 10 لیٹر اگر آپ صحت مند کھانا یعنی لو کارب کیٹو ڈائٹ کھائیں گے تو کبھی قبض نہیں ہو گی۔
3. تیزابیت سب سے ضروری ہے۔ ہماری آنتوں کے جراثیم (Microbiome) جب ہم خوراک تبدیل کریں گے تو 2 سے 3 مہینے میں یہ تمام جراثیم تبدیل ہو جاتے ہیں اور چکنائی اور پروٹین کو ہضم کرنے والے جراثیم Bacteroidetes آجاتے ہیں اور قبض نہیں ہو گی۔
4. کیٹو، لو کرب یا کارنیور ڈائٹ پر پاخانے حجم کم ہو گا کیوں کہ یہ ڈائٹ 95 فیصد تک جذب ہو جاتی ہے۔ جب کہ فائبر 0 فیصد جذب ہوتے ہیں لہٰذا پاخانے کا حجم بڑھ جاتا ہے۔
5. جب ہم فائبر نہیں کھائیں گے تو ہماری آنتوں کی بیماریاں آہستہ آہستہ ٹھیک ہو جائیں گی۔

فیکٹری کے تمام کھانوں میں لکڑی کا برادہ فائبر کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ FDA نے 1973 میں اس کی اجازت دی تھی کہ یہ چیز (Permesan Chees)، فروزن پیزا اور کیک وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے۔

خلاصہ

1. فائبر کا استعمال ضروری ہے یہ اب غلط ثابت ہو گیا ہے۔ اس کے بغیر ہم زیادہ صحت مند رہ سکتے ہیں۔ جیسے لو کارب، کیٹو اور کارنیور ڈائیٹ، یہ سب آپ آزما سکتے ہیں۔ آپ صرف 2 سے 3 مہینے کیٹو یا کارنیور ڈائٹ کریں۔ آپ کی آنتوں کی تمام تکلیفیں دور ہو جائیں گی۔
2. 100 گرام چکنائی جیسے جانور کی چربی، ناریل کا تیل دو چمچ 30ml روزانہ، زیتون کا تیل (Extra Virgin Olvi Oil) دو چمچ 30ml روزانہ، یا مکھن 50 سے 100 گرام روزانہ، یا دیسی گھی 50 سے 70 گرام روزانہ۔ آپ کو کبھی قبض نہیں ہو گی پہلے 2 سے 3 مہینے پتلے پاخانے اور پھر ٹھیک ہو جائے گا۔

خاتمہ کلام

Summary of Book

آپ کی آسانی کے لئے آخر میں ساری کتاب میں یادرکھنے والی باتیں یہاں دوبارہ بیان کردیتا ہوں۔

ان چیزوں کو بالکل چھوڑدیں (تمام لوگوں کے لئے)

1. تمام کوکنگ آئل جو فیکٹریوں میں بنتے ہیں۔(Lecture No 37, 462)
    - ہمارے گاؤں میں سے ملنے والے تمام تیل استعمال کر سکتے ہیں۔
    - سرسوں کا تیل لیکچر نمبر 461۔(کولھوں سے نکلنے والا تیل)
    - ناریل کا تیل، زیتون کا تیل، تل کا تیل،
2. فلور ملوں میں بننے والا میدہ اور ریفائن آٹا
3. چینی (شوگر)
4. چاول (White Rice)

تمام اناج کا آٹا ریفائن فوڈ ہوتا ہے۔اناج ڈاکٹر قادر کے مطابق کھا سکتے ہیں۔ یہ صرف لیبر کلاس یا جو محنت طلب کام کرتے ہیں اور پیدل یا سائیکل چلانے والے کھا سکتے ہیں۔ (لیکچر نمبر 325,326, 329,330,470)

5. پلاسٹک کے برتن اور نون سٹک برتن بالکل استعمال نہ کریں۔
6. فیکٹریوں میں بننے والے تمام کھانے جوس، بوتلیں، پیزا، برگر، بیکری کی چیزیں اور میٹھائیاں

بالکل نہ کھائیں۔

صرف یہ پروسیس فوڈ چھوڑنے سے 50 فیصد یعنی آدھی بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔

7. Anti Biotic درد کی گولیاں بلکل نہ کھائیں۔ صحت مند کھانے سے آپ کی قوت مدافعت بڑھ جائے گی۔

8. پانی ہمیشہ صاف یا ابال کر یا فلٹر والا استعمال کریں۔

نیا صحت مند طرزِ زندگی اپنائیں (Change Life Style)

1. مشقت والی زندگی اپنائیں۔ یعنی ورزش کریں، گھر کے کام کریں، پیدل چلیں، ویٹ ٹریننگ بہترین ورزش ہے۔
2. صرف دو کھانے کھائیں۔
3. دوسرا کھانا ہمیشہ سورج غروب ہونے سے پہلے کھالیں۔ سونے سے 4 گھنٹے پہلے۔
4. دوسرے کھانے میں کاربوہائیڈریٹ یعنی نشاستہ نہ کھائیں۔
5. پروٹین اور چکنائی کھائیں۔
6. 9 بجے لائٹ بند کر دیں اور سو جائیں۔
7. صبح اٹھ کر نماز کے بعد ورزش، یوگا اور واک کریں۔

8. ناشتہ میں انڈے، گوشت، پنیر، دہی کا استعمال کر سکتے ہیں۔
9. قہوہ سبز یا کالا سب سے بہترین ہے۔
10. دو کھانوں کے درمیان سلاد، گاجر، کھیرا، مولی، اخروٹ، کھجور، انجیر، پانی اور قہوہ یا بون بر آتھ پی سکتے ہیں۔ یہ صرف لوکارب ڈائٹ والوں کے لئے ہے۔
11. دوسرے کھانے میں گوشت، انڈے، مکھن، چربی کھائیں۔
12. رات کو کھانے سے پہلے پانی پی لیں اور سونے سے پہلے پیشاب کر لیں۔ پھر صبح تک کچھ نہ کھائیں۔

13. صبح نمک اور لیموں والا پانی واک سے پہلے پی لیں۔

14. لو کارب والی دالیں، چنے، لوبیا، سبزیاں، ہفتے میں 2 یا 3 دن لے سکتے ہیں۔

ختم شد

آخر میں میرے لیے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ میری اس کوشش کو میرے والدین اور میرے لئے صدقہ جاریہ بنادے اور میری اس حقیر سی محنت کو قبول فرمائے۔آمین۔

اللہ حافظ

ڈاکٹر خالد جمیل

لیکچر سننے کے لیے یوٹیوب کا استعمال ضرور سیکھیں

اگر آج کے دور میں علم حاصل کرنا ہے تو ہر طالب علم کو یوٹیوب کا استعمال اور اس پر سرچ کرنے کا طریقہ آنا چاہیے۔

میں ویڈیو میں اس کا طریقہ بھی بتادوں گا۔آپ کی آسانی کے لیے یہاں صرف اتنا عرض کرتا ہوں،آپ یوٹیوب پر جا کر سرچ کے خانے میں Dr. Khalid Jamil Lecture No 400 لکھیں تو لیکچر نمبر آجائے گا۔آپ اس کو ڈاؤن لوڈ بھی کر سکتے ہیں اور سکرین شارٹ لے کر آئیندہ کے لیے محفوظ بھی کر سکتے ہیں۔

میں آپ کی آسانی کے لیے تمام لیکچرز کا ریکارڈ دے رہا ہوں۔آپ جس چیز کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں جا کر سن لیں۔

کتاب کے حوالہ جات Reference

جس ڈاکٹر صاحب نے سب سے پہلے اس فوڈانڈسٹری، فارمانڈسٹری اور ڈاکٹروں کے خلاف سب سے بڑا جہاد کیا ان کا نام ہے Prof Jason Fung۔

انہوں نے سائنسی ثبوتوں کے ساتھ سب کو غلط قرار دیا۔ ان کا سب سے مشہور لیکچر "دو سب سے بڑے جھوٹ Two Big Lies" ہے۔ میں نے بھی آج سے 9 سال پہلے ان کو سنا اور پھر ان کی کتابیں منگوا کر پڑھیں اور میرے چینل کے پہلے لیکچر میں ان کا حوالہ موجود ہے۔

باقی تمام لوگ اس کے بعد ان کی تائید میں آئے اور اب اللہ کے فضل سے بہت بڑی "لو کارب Low Carb" ایسوسی ایشن بن گئی ہے۔ ان سب کو آپ ان کے چینل یوٹیوب پر جا کر سن سکتے ہیں۔ اور میں اپنے نوجوان ڈاکٹروں سے التجا کروں گا کہ وہ جدید علم کو سیکھنے کے لیے ان کو ضرور سنیں۔

Prof. Jason Fung

Prof of Nephrology (ماہر امراض گردہ). Toronto Canada.

پروفیسر جے سن فنگ کی کتابوں سے میں نے سب سے زیادہ سیکھا۔ ان کا اپنا یوٹیوب چینل بھی ہے۔
آپ ان کے چینل پر جا کر انہیں ضرور سنیں۔

Dr. Eric Berg

Chiropractor. Virgina, Califorian, USA,

ڈاکٹر برگ دنیا میں (کیٹو ڈائیٹ) کے سب سے بڑے یوٹیوبر ہیں۔ ان کے 13.1 Milion Subscriber (ایک کروڑ اکتیس لاکھ) سبسکرائبر ہیں۔ انہوں نے دو ہزار پانچ سو ڈاکٹروں کو ابھی تک (کیٹو ڈائیٹ) میں تربیت دی ہے۔

Dr. William Davis

Cardiologist. USA

(Wheat Belly) یہ دنیا میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والی کتاب ہے جس کی فروخت کی گئی کتب کی تعداد تقریباً چالیس لاکھ شمار ہوتی ہے۔ ان کو بھی ٹائپ 2 شوگر ہو گئی تھی۔ یہ دل کے ماہر ڈاکٹر تھے۔ انہوں نے لو کارب / کیٹو ڈائیٹ سے اپنی ساری شوگر ختم کی۔ آج یہ فارما انڈسٹری اور فوڈ انڈسٹری کے سب سے بڑے مخالف ہیں۔

Prof. Robert Lustig

Pediatric Neuroendo Crinologist. University of California

میٹابولک ہیلتھ میں ان کی بہت ریسرچ ہے اور یہ لو کارب ڈائیٹ کے بہت بڑے حمایتی ہیں۔

Dr. Sten Ek Berg

(Olympic Athlete 1992). Chropractor. Georgia. USA

Dr Sten Ekberg Summer 1992

ورزش پر ان کی ریسرچ سب سے اچھی ہے کیونکہ یہ خود اولمپک آتھلیٹ رہے ہیں۔ ورزش کی نئی تھیوری میں نے انہی سے لی ہے۔

Dr. Ken Berry

Family Physician. Tennessee USA

ان کا پچیس سال کا پریکٹس کا تجربہ ہے اور دوسرا بڑا کیٹو یوٹوب کا چینل ان کا ہے۔ یہ تقریبا2022 سے سے کارنیور ڈائیٹ پر ہیں۔ یہ بہت آسان طریقے سے سمجھاتے ہیں۔

Dr. Eric. C. Westman

Associate Prof. Duke University. USA
Obesity and Life Style Speiclist

یہ 22سال سے لوکارب ڈائیٹ پر ہیں۔انہوں نے سبزی خور(Vegan)کے خلاف سب سے بڑا جہاد کیا۔ان کے بہت سے لیکچر موجود ہیں۔ان کا چینل بھی ہے آپ ان کو ضرور سنیں۔

Prof. Ben Bikman PHD

Prof. of Cell Biology & Master in Exercise Physiology

انسولین رزسٹنس اور میٹابولک ہیلتھ پر ان کی ریسرچ بہت زیادہ ہے اور یہ اپنے یوٹیوب چینل پر ہر ہفتے لیکچر بھی دیتے ہی۔

Prof. Thomas Seyfried. PHD

Prof of Biology Boston Collage USA

Cnacer is Metabolic Disisese (150 Papers)

کینسر کے بارے میں انہوں نے مکمل طور پر علاج تبدیل کر دیا ہے۔ان کے مطابق کینسر گلوکوز کھاتا ہے اور آکسیجن کے بغیر زندہ رہتا ہے۔اگر آپ شوگر نہ کھائی اور ورزش کریں تا کہ آکسیجن زیادہ لیں تو کینسر کبھی نہیں ہو گا۔اور اگر ہو گا تو ختم ہو جائے گا۔

Dr. Bret Scher MD

Low Carb Cardiologist USA. Sandego USA
Metabolic Mind (His Youtube Channal)

ان کی دماغی صحت اور کیٹوڈائیٹ پر بہت ریسرچ ہے۔ یہ کہتے ہیں کہ دماغی بیماریوں کا بہترین علاج کیٹو ڈائیٹ ہے۔

Dr. Richard. K, Bernstein

Type 1 Diabetic 19 Years Age New York USA.
One Man Diabetic University by Dr. Bernntein

یہ دنیا کے واحد ٹائپ 1 شوگر کے مریض ہیں جو 90 سال تک زندہ ہیں۔ انہوں نے ٹائپ 1 والے شوگر کے مریضوں کے لیے بہت کام کیا اور نئی زندگی دی ہے۔ انہوں نے اپنا HBA1c 4.3% پر مینٹین رکھا۔

Dr. Shawn Baker

Orthopedic Surgeon & Athelets
First Book on The Carnivore "Diet"

سب سے پہلی کتاب کارنیور ڈائیٹ انہوں نے لکھی۔ یہ 7 سالوں سے کارنیور ڈائیٹ کر رہے ہیں اور ان کا اپنا یوٹیوب چینل بھی ہے۔

Dr. Anthony Chaffee

Neuro Surgeon & Rukby Player

یہ دماغ کے سرجن ہیں اور آج کل کارنیور ڈائیٹ کو سائنٹفیک طریقے پر سب سے زیادہ یہ پیش کر رہے ہیں۔اور یہ رکبی کے بہت بڑے کھلاڑی بھی ہیں۔

لیکچر نمبر 1 سے 5 تک

(Lecture No 1 to 5)

Started From 10-11-2019

لیکچر نمبر 6 سے 12 تک

(Lecture No 6 to 12)

Treatment of Type 2 Diabetes & Blood Pressure | Question Answer Session With Dr Khalid Jamil | ...

34K • 4 years ago

1K 280

Treatment of Diabetes (Type-2) | Urdu/Hindi | Lecture 11

131K • 5 years ago

1.9K 364

Whats is Type 1 Diabetes and Its Treatment | Lecture 10

28K • 5 years ago

617 63

Lecture 9 – سٹریس، ڈپریشن کا علاج

55K • 5 years ago

1.5K 116

Best Exercises for Diabetes | Lecture 8

128K • 5 years ago

2.1K 151

New Theory of Exercise & how it effects Diabetes | Lecture 7

134K • 5 years ago

3.3K 164

How Beneficial is Autophagy | Benefits of Intermittent Fasting | Lecture 6

158K • 5 years ago

3.8K 326

لیکچر نمبر 13 سے 19 تک

(Lecture No 13 to 19)

Treatment of Gestational Diabetes | Lecture 19

19K • 4 years ago

579 198

Can Diabetic Patients Eat Mangoes | Why Rice and Bread Not Allowed in Keto | Lecture 18

238K • 4 years ago

3.7K 431

How to Check Blood Sugar Level? Best Time to Test – No Change Rule | Overcoming Diabetes– ...

2M • 4 years ago

24K 1.7K

Best Diet for Diabetes | How to Loose Weight Fast | Lecture 16

1.2M • 4 years ago

22K 1.8K

How to Overcome Vitamin Deficiency | Urdu/ Hindi | Lecture 15

187K • 4 years ago

4.6K 554

Diet Plan for Ramadan | Lecture 14

89K • 4 years ago

1.9K 302

Lecture 13 | میڈیکل سائنس میں ہونے والی ۱۰ بڑی تبدیلیاں

34K • 4 years ago

1K 109

لیکچر نمبر 20 سے 26 تک

(Lecture No 20 to 26)

Best Food for Anti-Aging | Drinking Gold | Lecture 26

1.4M • 4 years ago

$ 35K 2.9K

Best Nutritious Food in the World - Desi Eggs | Lecture 25

169K • 4 years ago

$ 4.3K 368

Best Superfood for Vitamins A to K on Earth - Lecture 24

1M • 4 years ago

$ 20K 1K

Uric Acid is not dangerous - Busting Another Myth - Lecture 23

228K • 4 years ago

$ 4.5K 444

What is Insulin Resistance - New Research 2020 - How to Reverse Insulin Resistance - Lecture 22

183K • 4 years ago

$ 3.8K 472

Jigar ki Charbi ka ilaaj | Natural cure of Fatty Liver | Lecture 21 (Urdu/Hindi)

888K • 4 years ago

$ 16K 1.3K

Cholesterol is your Best Friend. Debunking Myths about Cholesterol - Lecture 20 (Urdu/Hindi)

114K • 4 years ago

لیکچر نمبر 27 سے 33 تک

(Lecture No 27 to 33)

Cheat Meal During Keto Diet – Lecture 33

196K • 4 years ago

3.8K 236

World's Sickest and Healthiest Country? – Lecture 32

40K • 4 years ago

1.1K 80

Best Exercises for over 50 Years old People | Lecture 31

924K • 4 years ago

14K 538

Autophagy and cancer treatment part 3 | Lecture 30

98K • 4 years ago

2.6K 335

Treatment & Prevention of Cancer | Cancer ka Il...

16K • 4 years ago

Ad suitability

657 153

Insulin Resistance and Cancer (Cancer Series – Part 1) | Lecture 28

24K • 4 years ago

713 85

Keto Diet and Kidney Failure – Best Diet for Kidneys – Lecture 27

102K • 4 years ago

لیکچر نمبر 34 سے 40 تک

(Lecture No 34 to 40)

How much is your Pancreas Functioning? ایکا لبلبہ کتنا کام کر رہا ہے؟ | Lecture 40

792K • 3 years ago

12K 1K

Lecture 39 | شوگر سے مکمل نجات کا ڈائٹ چارٹ

956K • 3 years ago

24K 2.6K

New Blood Sugar Level Guidelines – شوگر لیول کے مطلق تہلکا خیز انتکشاف | Lecture 38

3.3M • 3 years ago

56K 5.2K

Lecture 37 – شوگر کے بعد سب سے خطرناک چیز

136K • 4 years ago

3.3K 290

Lecture – شوگر، بلڈ پریشر کنٹرول نہیں مکمل ختم کیجیے 36

340K • 4 years ago

7.5K 723

Most Searched Diet on Google in 2020 | Keto Diet | Lecture 35

47K • 4 years ago

1.6K 125

Watch this Before Eating Fruits and Vegetables – Lecture 34

123K • 4 years ago

لیکچر نمبر 41 سے 47 تک

(Lecture No 41 to 47)

لیکچر نمبر 48 سے 54 تک

(Lecture No 48 to 54)

Top 7 Poison for Children | Lecture 54

971K • 3 years ago

12K 696

Best Protein and Fat Sources in Keto Diet | Lecture 53

206K • 3 years ago

4.5K 489

Best Cooking Oil | Lecture 52

672K • 3 years ago

12K 1.1K

Best source of Fat in Keto Diet | Lecture 51

442K • 3 years ago

8.8K 778

GMO Wheat; Root Cause of All Diseases | Lecture 50

441K • 3 years ago

10K 1.3K

How to Boost Brain Power – Top Ways to Improve Memory and Focus | Lecture 49

610K • 3 years ago

13K 485

Top Nitric Oxide Rich Foods – Top Heart Friendly Foods – Top Foods for Blood Pressure | Lecture ...

289K • 3 years ago

لیکچر نمبر 56 سے 62 تک

(Lecture No 56 to 62)

Clarifications related to Keto Diet and Diabetes | Lecture 62

285K • 3 years ago

4.7K 830

Multi Grain Atta for Diabetic People | Lecture 61

195K • 3 years ago

3.6K 798

Vitamin K2 – The Best Vitamin of 21st Century | Lecture 60

1.4M • 3 years ago

20K 1.3K

Vitamin D/D3 – Best Immunity Booster – Lecture 59

282K • 3 years ago

5.2K 722

Benefits of Grass Finished Butter – Vitamin Rich Food | Lecture 58

206K • 3 years ago

5.2K 595

Sugar ka Ilaaj || رمضان میں شوگر کا جڑ سے خاتمہ Lecture 57

259K • 3 years ago

5.5K 1.7K

Best Diet for Mothers | Lecture 56

81K • 3 years ago

1.6K 185

لیکچر نمبر 63 سے 70 تک

(Lecture No 63 to 70)

Lecture 70 – شوگر کے مریض روٹی کیسے کھائیں؟
1.3M • 3 years ago
20K 2.1K

Best Seeds in Keto Diet | Lecture 69
633K • 3 years ago
6.8K 548

The Misinformation about Complex Carbohydrates | Lecture 68
1.1M • 3 years ago
14K 957

Best Nuts in Keto Diet – شوگر کے مریضوں کے لئے بہترین ڈرائی فروٹ | Lecture 67
355K • 3 years ago
4.9K 396

Lecture 66 – کم نمک کھانا ہارٹ اٹیک کا سبب بن سکتا ہے
234K • 3 years ago
5.2K 447

Best Fruits in Keto Diet | Lecture 65
1.5M • 3 years ago
12K 702

Best Flour in Keto Diet – Lecture 64
171K • 3 years ago
3.6K 658

Qabz Ka Ilaaj in Urdu – Constipation Relief at Home | Lecture 63
1.7M • 3 years ago

